★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 2 ذیقعد 1446ھ، 30 اپریل 2025ء 17 بیساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 1.5 روپے) | شمارہ نمبر 175

پاکستان کی تجارت کسی بھی مہم جوئی کا پوری قوت سے جواب دے گا، محسن نقوی

وزیر داخلہ کی فضل الرحمٰن اور حافظ نعیم سے ملاقات، قائدین کو اعتماد میں لیا، حافظ نعیم الرحمٰن نے بھارت کے غیر منطقی اقدامات کے تناظر میں پاکستان کے اصولی موقف کی تائید کی اور بھرپور حمایت کا یقین دلایا

وزیر داخلہ نے مولانا فضل الرحمٰن کی خیریت دریافت کی، بھارتی وزیراعظم نریندر مودی مسلمان دشمن ہے، اسلام اور مسلمانوں کے مقابلے میں جہاں کوئی محاذ ملے گا وہاں کھڑا ہو جائے گا، مولانا فضل الرحمٰن



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کا انجینئل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کی ہیں، وزیر داخلہ نے دینی و سیاسی جماعتوں کے قائدین کو بھارتی اقدامات پر پاکستان کے مؤقف اور فیصلوں پر اعتماد میں لیا اور یقین سے کہا کہ سیکیورٹی کمیٹی کے فیصلوں سے سبھی آگاہ کیا، تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں جمعیت علمائے اسلام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

صوبائی وزیر قانون کی زیر صدارت محکمہ داخلہ پنجاب میں انسداد دہشتگردی و پارٹڈ ڈی اسٹیٹ کمیٹی کا اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد قھر کی زیر صدارت محکمہ داخلہ پنجاب میں انسداد دہشتگردی و پارٹڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پاکستان کیلئے قرض پروگرام کی اگلی قسط، آئی ایم ایف اجلاس 9 مئی کو ہوگا

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے پہلی قسط جاری کرنے کی منظوری بھی اجلاس میں زیر بحث آئے گی

واشنگٹن (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 9 مئی کو ہوگا، اس حوالے سے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاکستان کو قرض پروگرام کی اگلی قسط جاری کرنے کیلئے مشن کی سفارشات کا جائزہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی بھارت اور پاکستان کے درمیان مصالحت کی پیشکش

دونوں ممالک کے درمیان تناؤ کم کرنے اور بات چیت کے دوبارہ آغاز کے لیے کسی بھی ایسی کوشش کی حمایت کے لیے تیار ہیں جو فریقین کے لیے قابل قبول ہو: انتونیو گوتریس

اقوام متحدہ ہر اُس اقدام کی حمایت کے لیے تیار ہے جو دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کم کرے اور بات چیت کو فروغ دے، ترجمان انتونیو گوتریس

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے پاکستان اور بھارت کے ان کا کہنا ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی پھیلا رہا ہے، اسلام آباد میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

درمیان جاری کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ دونوں ممالک کے درمیان تناؤ کم کرنے اور بات چیت کے دوبارہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

دونوں ممالک کے درمیان صورتحال کے مقبوضہ جموں وکشمیر میں حالیہ واقعے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر گوتریس کے ترجمان انتونیو گوتریس نے مقبوضہ جموں وکشمیر میں حالیہ

بھارت کا سائبر دہشتگردی پر بھی اتر آیا، پاکستان نے سائبر حملے کا نام بتا دیا

بھارت کے سائبر حملوں سے کوئی بہت بڑا مسئلہ نہیں ہوا، ٹیلی کام سیکٹر پر سائبر حملوں کا کوئی اثر نہیں آیا، قومی اور صوبائی سطح پر کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیمز تشکیل دی جا چکی ہیں: شہزہ فاطمہ

وفاقی وزارتوں کی ویب سائٹس کی ہوسٹنگ این ٹی سی پر ہے اور این ٹی سی کے پاس سائبر سیکیورٹی کا بہترین نظام ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں شہریوں کو آگاہی دے رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بھارت آئی دہشت گردی پر اترآیا، پاکستان نے بھارت کی جانب سے وفاقی وزارتوں کی ویب سائٹس پر سائبر حملے ناکام بنادیے، میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی وزیر آئی ٹی شہزہ فاطمہ نے بتایا کہ بھارت کی جانب سے مختلف وفاقی وزارتوں کی ویب سائٹس پر سائبر حملے ناکام بنادیے۔ شہزہ فاطمہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

بھارت پاکستان میں دہشتگردی پھیلا رہا ہے

DG ISPR



راولپنڈی: پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پریس کانفرنس کررہے ہیں

بھارت پاکستان پر بے بنیاد الزامات عائد کررہا ہے، حال ہی میں چار بھارتی دہشت گردوں کی شناخت ہوئی ہے جو پاکستان میں ٹیرر فنانسنگ اور ٹیررازم میں ملوث ہیں، بھارتی فالس فلیگ آپریشن سے متعلق پریس بریفنگ

پاکستان میں دہشت گردی کرنے والے بھارتی ہینڈلرز کی واٹس ایپ چیٹ پکڑی گئی ہیں جن کا فرانزک کیا جارہا ہے، یہ وائس میسجز شرکا کو سنائیں جن میں دہشت گردی فنانسنگ سے متعلق بات کررہے تھے

پاک فوج نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دشمن کا کواڈ کاپٹر مار گرایا

بھارتی جارحیت کا ایک اور منصوبہ پاک فوج کی مستعدی اور شجاعت کے سامنے ناکام

نمبر (این این آئی) بھارتی جارحیت کا ایک اور منصوبہ پاک فوج کی مستعدی اور شجاعت کے سامنے ناکام کرنے کی کوشش کی، تاہم پاک فوج نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دشمن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

میں بھارتی فوج نے کواڈ کاپٹر کے ذریعے پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جاسوسی

علاقائی حریف کی سرپرستی میں دہشتگردی کا سامنا ہے، پاکستان

عالمی برادری دہشت گرد حملوں کے متاثرین اور ان کے خاندانوں کی حمایت کرے، اقوام متحدہ میں وزیر اعظم جواد اجمل کا خطاب

نیویارک (این این آئی) پاکستان کی جانب سے ایک مرتبہ پھر عالمی سطح پر بھارت کے جانب سے ہونے والی اشتعال انگیزیوں کا جواب دیا گیا ہے، اقوام متحدہ میں دہشت گردی کے متاثرین کے ایسوسی ایشن نیٹ ورک کے آغاز کے موقع پر پاکستانی قونصل جواد اجمل نے خطاب کیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



لاہور: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی امیر جماعت اسلامی ضیم الرحمٰن سے ملاقات کررہے ہیں

پی ٹی آئی رہنما صنم جاوید کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) گزشتہ روز ایک بار پھر گرفتار کی گئیں پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بشریٰ بی بی کی وکیل میں کتنی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں؟ رپورٹ عدالت میں جمع

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

لاہور: ڈائریکٹر جنرل سپیشل سروس پنجاب ضحر اقبال چوہدری اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد: بین الاقوامی وفد اور مقامی انویسٹرز کا انجینئل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ کانفرنس میں شرکت سے پہلے گروپ فوٹو

سیکیورٹی فورسز کی فائرنگ، کالعدم بی ایل اے کے 7 دہشتگرد ہلاک

کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے، سی ٹی ڈی ذرائع

زیارت (این این آئی) بلوچستان کے ضلع زیارت میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور سیکیورٹی فورسز کے مشترکہ آپریشن میں 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سی ٹی ڈی کے ذرائع کا کہنا ہے کہ زیارت کے علاقے چوتیر میں سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کے مشترکہ آپریشن کے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

حج آپریشن کا آغاز، اسلام آباد سے پرواز 442 عازمین حج کو لے کر مدینہ روانہ

پہلے مرحلے میں عازمین حج کی خصوصی پروازیں مدینہ، دوسرے مرحلے میں پروازیں جدہ جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں حج آپریشن کا آغاز ہوگیا، قومی ایئرلائن کی پہلی حج پرواز 442 عازمین کو لے کر اسلام آباد سے مدینہ روانہ ہوگئی۔ ترجمان قومی ایئرلائن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

بھارت کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں جارہے ہیں، بیرسٹر عقیل ملک

وفاقی کابینہ کا فیصلہ آتے ہی بھارتی اقدام کے خلاف اقوام متحدہ جائیں گے

لاہور (این این آئی) وزیر قانون برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ بھارت کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں جارہے ہیں، وفاقی کابینہ کا فیصلہ آتے ہی بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی ملاقات پر خوشگوار موڈ

سندھ پنجاب سرحد پر متنازع کینالز کیخلاف جاری احتجاجی دھرنا ختم

متنازع کینالز کے خلاف احتجاجی دھرنا ختم ہونے کے بعد سندھ اور پنجاب سرحد پر ٹریفک بحال ہوگئی

کراچی (این این آئی) سندھ پنجاب سرحد پر متنازع کینالز کے خلاف جاری احتجاجی دھرنا ختم کردیا گیا۔ متنازع کینالز کے خلاف احتجاجی دھرنا ختم ہونے کے بعد سندھ اور پنجاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

کسی بھی حملے کا فوری جواب دیا جائے گا، ایران کا یقین یا ہو کو جواب

بہت سے ایرانی اب جوہری معاہدے کو کافی نہیں سمجھتے، وزیر خارجہ عباس قرآنچی



تہران (این این آئی) ایران نے اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کی طرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

اسرائیلی فوج نے تباہ شدہ رفح شہر کو بمباری سے سمودار کرنا شروع کردیا

رفح (این این آئی) اسرائیلی فوج نے رفح کے جنوبی علاقے میں ہونے والے اس حملے کو ایک بار پھر بمباری سے تباہ کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

پاکستانی تجزیہ کاروں اور صحافیوں پر بھارتی چینلز پر پابندی عائد

مودی نے بھارتی میڈیا کو پاکستانی تجزیہ کاروں اور صحافیوں کو شو میں مدعو کرنے سے روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) پہلگام واقعے کے بعد بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان بھارتی میڈیا نے پاکستانی تجزیہ کاروں اور صحافیوں کو شو میں مدعو کرنے سے روک دیا ہے۔ پاکستانی تجزیہ کاروں اور صحافیوں پر بھارتی چینلز پر پابندی لگ گئی ہے۔ اے آر نیوز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

پناہ گزینوں کی میزبانی کرنیوالے ممالک کو گرانٹس دی جائے، پاکستانی مندوب

سلامتی کونسل میں پناہ گزینوں پر منعقدہ اجلاس میں پاکستانی مندوب افتخار احمد کا بیان

سلامتی کونسل میں پناہ گزینوں پر منعقدہ اجلاس میں پاکستانی مندوب افتخار احمد نے کہا ہے کہ پناہ گزینوں کی میزبانی کرنے والے ممالک کو گرانٹس کی صورت میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

فواد چوہدری کی والدہ کے مقدمہ کا ٹرائل یکجا کرنے کی درخواست

جسٹس شہباز رضوی اور جسٹس طارق سلیم شیخ پر مشتمل دو رکنی بینچ نے 16 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا

عمران خان کی ہلبوردیز راعظم برطرفی، پی ٹی آئی مزاحمت کے ملک کو گہرے بحران میں مبتلا کردیا، عدالت کے ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے دیا فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ ہائی کورٹ نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی 9 مئی کے تمام مقدمات کا ٹرائل یکجا کرنے کی درخواست مسترد کردی تھی، درخواست گزار کے وکیل کو بھی نہیں کیا جاسکتا، جسٹس طارق سلیم شیخ نے قانونی نکتہ طے کردیا، جسٹس شہباز رضوی اور جسٹس طارق سلیم شیخ پر مشتمل دو رکنی بینچ نے 16 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا جس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

جسٹس عائشہ ملک کو یونیورسٹی آف لندن نے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری سے نوازدیا

لندن (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کی مسز جج جسٹس عائشہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

سندھ ہائی کورٹ کی لاپتہ افراد کی بازیابی کو یقینی بنانے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے لاپتہ افراد کی بازیابی کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

سرگودھا میں ہسپتال کا تمام تعمیراتی کام 30 ستمبر تک مکمل ہوجائے گا

سرگودھا (این این آئی) ڈی ایچ کیو ہسپتال سے متعلق زیر تعمیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

بشریٰ بی بی کی 29 مقدمات میں عبوری ضمانت میں 20 مئی تک توسیع

انسداد دہشت گردی عدالت نے بشریٰ بی بی کو تمام مقدمات میں شامل تفتیش کرنے کی ہدایت بھی کردی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج 29 مقدمات میں عدالت نے ان کی عبوری ضمانت میں 20 مئی تک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

لاہور پولیس کا رات گئے دھاوا، گرینڈ ہیلتھ الائنس کا دھرنا ختم

پولیس نے مظاہرین کے ٹینٹ اکھاڑ دیئے، 23 روز سے جاری دھرنا ختم ہونے کے بعد مال روڈ پر ٹریفک بحال

گرینڈ ہیلتھ الائنس کے ساتھیوں کی گرفتاری کیخلاف ہیلتھ اتھارٹیز کی ان ڈور سرگرمیز بند کردیں، ایمرجنسی سروسز معطل کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے مال روڈ پر گزشتہ 23 روز سے جاری گرینڈ ہیلتھ الائنس کے دھرنے کے خلاف پولیس نے رات گئے بڑا ایکشن کرتے ہوئے آپریشن کلین اپ کے دوران مال روڈ کو خالی کروالیا۔ پولیس کی بھاری نفری نے لیڈی پولیس کے ہمراہ آپریشن کلین اپ کرتے ہوئے مظاہرین کو حراست میں لے لیا اور مال روڈ پر لگے ٹینٹ اکھاڑ دیئے، پولیس نے دھرنے کے شرکا کے زیر استعمال کھانے بھی عملی طور پر خالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کرنے والے مختلف وفود کا گروپ فوٹو

لاہور: ہیڈ کوارٹر پنجاب رینجرز (سٹی) کے زیر اہتمام ہونے والی پاسنگ آؤٹ پریڈ کی سلامی لے رہے ہیں

لاہور: ڈی جی (ایجوکیشن) ایجوکیشن سٹی سکول کے طلبہ کے ساتھ گروپ فوٹو

ہفت روزہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ایکسپو2025اوساکا میں چینی پویلین کے ہفتہ سچھوان کا آغاز

اوساکا (شہوا) ایکسپو2025اوساکا میں چینی پویلین کے ہفتہ سچھوان کا آغاز ہوگیا جس کی افتتاحی تقریب میں 150 سے زائد مہمانوں نے شرکت کی۔ شاندار باشوقانت، بہتر مستقبل کے لئے ایک ساتھ کے عنوان سے ہفتہ سچھوان میں اوساکا اور سچھوان دونوں میں ثقافتی، ثقافتی مظاہرے اور سرمایہ کاری کے فروغ جیسی تقریبات منعقد کی جائیں۔ افتتاحی تقریب میں سچھوان اور اوساکا روپ بدلے اور ثقافتی سچھوان کی دیوقامت کٹھ پتلیوں سے شوکیس فن کے مظاہروں کا ایک سلسلہ شروع ہوا جس میں سچھوان کے ثقافتی ورثے پر روشنی ڈالی گئی اور باشوقانت کو اجاگر کیا گیا۔ چین کی بین الاقوامی تجارت کے فروغ کی کونسل (سی سی پی آئی ٹی) کے وائس چیئرمین چن جیان آن نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایکسپو2025 کا موضوع ہماری زندگیوں کے لئے مستقبل کا معاشرہ تخلیق کرنا" نہ صرف نئے دور میں چینی پویلین کی پیش کردہ احوال دوست ترقی کے بنیادی تصور سے انتہائی مطابقت رکھتا ہے بلکہ یہ سچھوان صوبے کی زرخیز زمین کے طور پر اوصاف دانستہ اور آباؤ اجداد کے گھر کے ہم آہنگ نظریے کے ساتھ ایک ایسا مکالمہ بھی تشکیل دیتا ہے جو وقت اور جگہ کی حدود سے ماورا ہے۔



سیکرٹری محکمہ سپتال ہائر ڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود سید احمد حسین گورنمنٹ جنرل کمرٹی بی ہسپتال مری کا دورہ کر رہے ہیں

صوبائی سیکرٹری محکمہ سپتال ہائر ڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود کا سید احمد حسین گورنمنٹ جنرل کمرٹی بی ہسپتال مری کا دورہ

سیکرٹری صحت نے بلڈنگ ایکسیئن، ہائی وے، پبلک ہیلتھ، لوکل گورنمنٹ و دیگر متعلقہ محکمہ جات کو مقررہ وقت پر کام مکمل کرنے کی ہدایت کی

سیکرٹری صحت نے ایم ایس ڈاکٹر قیصر عباسی کو اپ گریڈیشن منصوبے جلد مکمل کرنے و ریکروٹمنٹ کے عمل کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی





لاہور (خبر نگار) صوبائی سیکرٹری محکمہ سپتال ہائرڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود نے سید احمد حسین گورنمنٹ جنرل کمرٹی بی ہسپتال مری کا دورہ کیا۔ سیکرٹری صحت نے اس موقع پر ورنگ کمپنی اور تقریاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے کچھ لیب پرتاو پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری صحت پنجاب نے بلڈنگ ایکسیئن، ہائی وے، پبلک ہیلتھ، لوکل گورنمنٹ و دیگر متعلقہ محکمہ جات کو مقررہ وقت پر کام مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ریجنل سیکرٹری آپریشنز ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود، ایم ایس ڈاکٹر قیصر عباسی کے ہمراہ تھے۔ ایم ایس ڈاکٹر قیصر عباسی نے صوبائی سیکرٹری صحت کو ہسپتال کی پروگریس سے آگاہ کیا۔ سیکرٹری صحت نے ایم ایس سے ہسپتال کو درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ لی۔ سیکرٹری صحت نے اس موقع پر ورکنگ کمپنی کے نمائندے سے ملاقات کی اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا۔ سیکرٹری صحت نے ایم ایس ڈاکٹر قیصر عباسی کو اپ گریڈیشن منصوبے جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری صحت نے ہسپتال کے ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ، ایمرجنسی، او پی ڈی، ایکسرے، لیبارٹری، ڈائیلاسز یونٹ، ایم ایس آفس، ایڈمن بلاک، ایمرجنسی وارڈ، ایمرجنسی ٹراما سینٹر، ایمرجنسی ایکسرے، ایمرجنسی لیبارٹری، ایمرجنسی ڈائیلاسز یونٹ، ایمرجنسی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 30 اپریل 2025ء

امتحانات مانیٹرنگ سسٹم کیلئے موبائل ایپ متعارف کروا دی گئی: کمشنر گوجرانوالہ

تمام موبائل انسپکٹرز، ریذیڈنٹ انسپکٹرز، ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹرز اور انسپکشن آفیسرز امتحانی مراکز کا معائنہ کرتے ہوئے اس موبائل ایپ کے ذریعے سنٹر پر فراہم کی جانے والی سہولتوں کے بارے میں فوری طور پر آن لائن رپورٹ دفتر کو ارسال کریں گے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کے امتحانی نظام کو مزید موثر، محفوظ اور شفاف بنانے کے لیے کمشنر/چیئرمین بورڈ سید نوید حیدر شیرازی کی ہدایات پر کمپیوٹر سیکشن کے پروگرامرز نے "امتحانات مانیٹرنگ سسٹم" کے عنوان سے ایک موبائل ایپ متعارف کروادی ہے۔ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ نے اس موبائل ایپ کے متعلق کمشنر گوجرانوالہ کو تفصیل سے بریفنگ دی اور اس کے اہم فیچرز سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ تمام موبائل انسپکٹرز، ریذیڈنٹ انسپکٹرز، ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹرز اور انسپکشن آفیسرز امتحانی مراکز کا معائنہ کرتے ہوئے اس موبائل ایپ کے ذریعے سنٹر پر فراہم کی جانے والی سہولتوں کے بارے میں فوری طور پر آن لائن رپورٹ دفتر کو ارسال کریں گے۔ اس ایپ کے ذریعے بھیجی جانے والی تمام رپورٹس کا جائزہ لینے کے لیے بورڈ میں ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، جو تمام معاملات کی نگرانی کرکے اپنی رپورٹ کنٹرولر امتحانات کو پیش کرے گا۔ اس کے علاوہ، ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹرز اور انسپکشن آفیسر امتحانی پرچوں کے لفافوں پر درج بارکوڈ کو موبائل ایپ کے ذریعے الگ الگ سکین کریں گے تاکہ مکمل تصدیق کے بعد وہ یہ لفافے سنٹر سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کرسکیں۔ سپرنٹنڈنٹ یہ لفافے ریذیڈنٹ انسپکٹر کے پاس لے کر جائے گا، جہاں انہیں دوبارہ سکین کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، تمام موبائل انسپکٹرز، ریذیڈنٹ انسپکٹرز، ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹرز اور انسپکشن آفیسرز کی حاضری بھی اسی ایپ کے ذریعے آن لائن ریکارڈ کی جائے گی، جس سے یہ پتا چل سکے گا کہ کون سے امتحانی مراکز کا معائنہ ہو چکا ہے اور کون سے نہیں۔ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ نے مزید بتایا کہ 30 اپریل کو دونوں گروپوں میں انگلش (لازمی) کا پرچہ منعقد ہوگا، اور اس سلسلے میں تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز امتحانی مراکز کے معائنے کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے تحت صاف اور شفاف امتحانات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے کمشنر گوجرانوالہ کی ہدایات کے مطابق تمام متعلقہ انتظامیہ کی بورڈ انتظامیہ کو مکمل معاونت حاصل ہے۔

سول اکاؤنٹس ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس چکوال کا الیکشن برائے سال 27-2025 منعقد ہوا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) سول اکاؤنٹس ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس چکوال کا الیکشن برائے سال 27-2025 منعقد ہوا۔ جس میں سینیئر آڈیٹر محمد ریاض صدر اور سینیئر آڈیٹر راجہ محمد سعید اسد، جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز اور تمام اہلکاران نے منتخب ہونے والے عہدیداران کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر سابقہ صدر رانا عبدالحکیم اور جنرل سیکرٹری الفت عباس جعفری نے نومنتخب عہدیداروں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

8 میڈیکل سٹور مالکان کو شوکاز نوٹسز جاری کئے جبکہ چار میڈیکل سٹور مالکان کو وارننگ دی



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر ساره حیات کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع سے ڈرگ ایکٹ اور ڈریپ ایکٹ کی خلاف ورزی پر مبنی پندرہ (15) کیسز پیش کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے ان کیسز کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے بورڈ کی مشاورت سے فیصلے کئے۔ انہوں نے ڈرگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر ایک میڈیکل سٹور کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے کیس ڈرگ کورٹ کو ارسال کر دیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے آٹھ میڈیکل سٹور مالکان کو شوکاز نوٹسز جاری کئے جبکہ چار میڈیکل سٹور مالکان کو وارننگ دی اور ایک میڈیکل سٹور کا لائسنس معطل کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر ڈرگ انسپکٹرز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ میڈیکل سٹورز پر کوالیفائیڈ پرسنز کی حاضری کو یقینی بنایا جائے اور زائد المعیاد ادویات کی دستیابی پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

پاکستان میں حج آپریشن کا آغاز ہوگیا

چھچی والا (عدیل احمد) پاکستان میں حج آپریشن کا آغاز ہوگیا، قومی ایئر لائن کی پہلی حج پرواز 442 عازمین کو لے کر اسلام آباد سے مدینہ روانہ ہوگئی۔ ترجمان قومی ایئر لائن کے مطابق کوسٹر سے پہلی حج پرواز صبح 10 بجے 170 حجاج کو لے کر روانہ ہوگی۔ ترجمان کے مطابق لاہور سے پہلی حج پرواز رات 10 بجے 323 مسافروں کو لے کر مدینہ روانہ ہوگی۔ پہلے مرحلے میں عازمین حج کی خصوصی پروازیں مدینہ کے لیے روانہ ہوں گی، دوسرے مرحلے میں عازمین حج کی پروازیں جدہ جائیں گی۔ اسلام آباد اور کراچی ایئرپورٹ پر سعودی حکومت کے اشتراک سے روڈ ٹو مکہ کی سہولیات دستیاب ہوں گی۔ روڈ ٹو مکہ سے عازمین حج سعودی امیگریشن پاکستان سے کروا کے جائیں گے۔ قومی ایئر لائن کا قبل از حج آپریشن 31 مئی تک جاری رہے گا، بعد از حج آپریشن کا آغاز 10 جون سے 10 جولائی تک رہے گا۔

پنجاب لینڈ ریکارڈ سسٹم اپڈیٹ کر دیا گیا: آصف جاوید ورک

روزانہ 70 کے قریب رجسٹریاں ہوں گی، ان کے ٹیکسز چیک کرنے سمیت دیگر کوائف کی تصدیق میں وقت درکار ہوتا ہے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) رجسٹری برانچ تحصیل شیخوپورہ کے انچارج تحصیلدار آصف جاوید ورک نے بتایا ہے کہ پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کی طرف سے 10 جنوری سے سسٹم اپڈیٹ کر دیا گیا ہے جس کے بعد اپ لوڈ ہونے والی رجسٹری کو فوری پاس کرنا لازمی ہے جس کی وجہ سے بعض مسائل پیدا ہو رہے ہیں جو تاخیر کا باعث ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آصف جاوید ورک نے کہا کہ روزانہ 70 کے قریب رجسٹریاں جمع ہوں تو ان کے ٹیکسز چیک کرنے سمیت دیگر کوائف کی تصدیق میں وقت درکار ہوتا ہے اور ان رجسٹریوں کی تکمیل کے لیے شام تک کام کرنا ممکن نہیں اس لیے ہفتہ میں 3 دن مقرر کیے گئے ہیں تاکہ عوام کو کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، انہوں نے بتایا کہ اس صورتحال کے ذمہ دار عملہ نہیں بلکہ نیا سسٹم اس تاخیر کا سبب ہے جبکہ کمپیوٹر سکیننگ میں مشکلات کے پیش نظر دو نئے سسٹم لگا دیئے گئے ہیں لہذا سائلین اس سلسلہ میں عملہ سے تعاون یقینی بنائیں۔

عوام الناس کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے ویژن پر عملدرآمد

اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عوام الناس کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے ویژن پر عملدرآمد جاری ہے۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کی فراہمی، ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے او پی ڈی، ایمرجنسی، میڈیکل وارڈ و دیگر وارڈز میں مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کی فراہمی کو چیک کیا اور ہدایات جاری کیں کہ اگر کوئی ڈاکٹر، نرسنگ اسٹاف، سٹاف ڈیوٹی پر موجود نہیں پایا جاتا تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایمرجنسی سمیت تمام وارڈز میں ڈاکٹرز و سٹاف موجود رہیں، کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلع بھر کے تمام ہیلتھ مراکز پر ڈاکٹرز و سٹاف ڈیوٹی پر موجود رہے گا۔ مزید برآں ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی ہدایت پر ضلع کی دیگر تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتالوں میں دورہ کر کے ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری و طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور موقع پر احکامات جاری کئے۔

پاکستان رینجرز اور لیسکو واپڈا جیا بگاسب ڈویژن کی بجلی چوری کے خلاف موثر کارروائیاں

رینجرز اور پولیس ٹاسک فورس کے ساتھ جیا بگاسب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آپریشن کیا گیا



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) پاکستان رینجرز اور لیسکو واپڈا جیا بگاسب ڈویژن کی بجلی چوری کے خلاف موثر کارروائیاں۔ رینجرز اور پولیس ٹاسک فورس کے ساتھ جیا بگاسب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آپریشن کیا گیا چیف ایگزیکٹو لیسکو لاہور انجینئر رمضان بٹ کی زیر ٹرانس پالیسی کے تحت ایکسین رائیونڈ محمد علی رضا ایس ای سکینڈ سرکل جمشید زمان کی زیر نگرانی ایس ڈی او جیا بگا محمد آصف رضا خان نے بجلی چوروں کے خلاف زبردست آپریشن کیا گیا جس میں چار ٹیوب ویل کے ٹرانسفارمر ریمو کیے گئے ہیں 11 کے وی کے دو سپین ریمو کیے ہیں اور دو بندے جن پہ ایف آئی آر درج ہوئی تھی ان کے ٹرانسفارمر ریمو کیے گئے ہیں اور یہ آپریشن کنگرا گاؤں اور وطنہ گاؤں میں کیا گیا ہے اس کے علاوہ 15 ڈیفالٹر پریمیسز کے میٹر اور کیبل اتار دیے گئے ہیں اور ان کی ٹیم نے کنگرا اور وطنہ گاؤں میں آپریشن کیا۔

گرمی نے مئی سے قبل ہی تیور دکھانے شروع کر دیئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گرمی نے مئی سے قبل ہی تیور دکھانے شروع کر دیے سورج کا پارہ ہائی متعدد خواتین خریداری کرتے اور نمازی بے ہوش رواں سال شدید ترین گرمی پڑنے کا عندیہ نارنگ منڈی اور گردونواح کے علاقے شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیٹ ویو کا خدشہ بڑھ گیا نارنگ شہر کے بازاروں میں خواتین خریداری ٹرین ٹیلی بدرش کے باعث اور نمازی دوران نماز بے ہوش ہوگئے تھیں فوری طبی امداد دی گئی شدید گرمی کے باعث غیر معیاری ٹھنڈے مشروبات کے جگہ جگہ سٹال لگ گئے متعدد علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہو چکا ہے گرمی کے ساتھ ساتھ شہریوں کا پارہ بھی ہائی ہو گیا پانی کا لوٹنوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شوشاک ہے سبزہ ختم ہو رہا ہے۔

ڈپٹی کمشنر سے ملاقات میں سیفٹی نکات پر اتفاق ہو گیا ایل پی جی ایسوسی ایشن

حکومت کی جانب سے جاری کریک ڈاؤن کے باعث ایل پی جی کی دکانیں بند ہو گئی تھیں، جس کے بعد بعض افراد نے چھپ کر گیس فروخت کرنا شروع کر دی تھی



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین عرفان کھوکھر، جنرل سیکرٹری رانا عبدالجبار، انفارمیشن سیکرٹری عبدالحنان، ترجمان علی وڑائچ، اور ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کے صدر حاجی عابد مغل سمیت دیگر مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے فیصل آباد پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے مذاکرات کامیاب ہو گئے ہیں۔ ایل پی جی سیفٹی نکات پر اتفاق ہو چکا ہے اور آڈیشنل ڈپٹی کمشنر پیٹرولیم (ر) طیب سمی خان کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ ان نکات کا از سر نو جائزہ لیں تاکہ ان میں بہتری لا کر ایل پی جی دکانوں کو دوبارہ کھولا جاسکے۔ رہنماؤں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جاری کریک ڈاؤن کے باعث ایل پی جی کی دکانیں بند ہو گئی تھیں، جس کے بعد بعض افراد نے چھپ کر گیس فروخت کرنا شروع کر دی، جو کہ ایک خطرناک رجحان ہے اور اس سے حادثات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس وقت مارکیٹ میں ایل پی جی 350 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے، حالانکہ حکومت نے اس کی سرکاری قیمت 248.37 روپے مقرر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم باعزت روزگار کے خواہاں ہیں اور کوئی غیر قانونی کام نہیں کرنا چاہتے۔ مطالبہ کیا گیا کہ ایل پی جی ریفلنگ کا متبادل نظام متعارف کروایا جائے اور باقاعدہ لائسنس جاری کیے جائیں تاکہ ہم قانونی دائرے میں رہتے ہوئے کام کر سکیں۔ ہم حکومت کو سالانہ اربوں روپے ٹیکس دینے کے لیے تیار ہیں، لیکن غریب دکانداروں کے خلاف کارروائی بند کی جائے۔ رہنماؤں نے یہ بھی کہا کہ اگر حکومت ہمیں کام کی اجازت دے اور ایس او پیز جاری کرے، تو ہم 24 گھنٹوں میں قیمتوں کو کنٹرول کر کے ایل پی جی کی قیمت میں 100 روپے فی کلو تک کمی لا سکتے ہیں۔ اگر سیفٹی نکات میں ترامیم کی ضرورت ہوئی تو ہم اس کے لیے بھی تیار ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اوگرا کے مورخہ 6 جولائی 2017 کے لیٹر کے مطابق تمام ایل پی جی مافیا کیٹنگ کمپنیوں کو ہدایت کی جائے کہ وہ 2.4 اور 6 کلو کے سلنڈر مارکیٹ میں فراہم کریں تاکہ عام آدمی اپنی استطاعت کے مطابق ایل پی جی حاصل کر سکے۔ پریس کانفرنس میں مرزا شوکت، مولوی اشرف، حاجی شاہد، عمر جٹ، عباس خان، علی سعید وڑائچ ظہیر بھٹی، رانا حنیف، ندیم مغل سمیت دیگر عہدیداران اور کارکنان بھی موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا شاندار چوک اورا کرم شہید روڈ کا دورہ

ڈی سی جہلم نے موقع پر مصروف عمل راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے اہلکاروں سے ملاقات کی اور ان سے صفائی آپریشن پر تفصیلات معلوم کیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں ستھرا پنجاب مہم کے تحت جاری صفائی آپریشن کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے شاندار چوک اورا کرم شہید روڈ کا دورہ کیا ڈی سی جہلم نے موقع پر مصروف عمل راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے اہلکاروں سے ملاقات کی اور ان سے صفائی آپریشن پر تفصیلات معلوم کیں پر ڈی سی جہلم نے کہا کہ حکومت پنجاب شہریوں کو ماحول فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے ستھرا پنجاب مہم کے تحت ہر گلی محلے اور صفائی کی جا رہی ہے تمام سینٹری سٹاف اپنے فرائض کو مکمل ایمانداری کے ساتھ سرانجام دیں تاکہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی میں بہتری لائی جاسکے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کا گوجرانوالہ امتحانی مرکز کا دورہ

امتحانی عملہ ہر صورت صبح 8 تک اپنے متعلقہ امتحانی مرکز پر موجود ہونا چاہیئے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کا گوجرانوالہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام سیکنڈ ائیر کے امتحانی مرکز کا دورہ، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی نے گورنمنٹ خواجہ صفدر گرلز ہائیر سیکنڈری سکول سیالکوٹ میں قائم بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے امتحانی مرکز میں جاری امتحان کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی نے کہا کہ امتحانی عملہ ہر صورت صبح 8 تک اپنے متعلقہ امتحانی مرکز پر موجود ہونا چاہیئے مقررہ ٹائم پر نہ پہنچنے پر سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شفاف اور پر امن امتحان کے انعقاد پر کوئی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

محکمہ پولیس میں کانسٹیبلز اور لیڈی کانسٹیبلز کی محکمانہ ترقی کے لیے "لسٹ بی ون" تحریری امتحان کا انعقاد کیا گیا

امتحانی عمل کی نگرانی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے خود کی، تاکہ امتحان کو شفاف اور منصفانہ بنایا جاسکے



جھنگ (بیورو رپورٹ) محکمہ پولیس میں کانسٹیبلز اور لیڈی کانسٹیبلز کی محکمانہ ترقی کے لیے "لسٹ بی ون" تحریری امتحان کا انعقاد کیا گیا۔ امتحانی عمل کی نگرانی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے خود کی، تاکہ امتحان کو شفاف اور منصفانہ بنایا جاسکے۔ اس موقع پر کل 355 امیدواروں نے امتحان میں شرکت کی، جن میں مرد و خواتین کانسٹیبلز شامل تھے۔ یہ امتحان آئی جی پنجاب کے وژن کے تحت ترقیاتی عمل میں شفافیت، میرٹ اور وقار کو یقینی بنانے کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔ تحریری امتحان کے بعد کامیاب امیدواروں سے پریڈ ٹیسٹ اور انٹرویو لیا جائے گا، تاکہ ہر پہلو سے ان کی قابلیت کو پرکھا جاسکے۔ امتحانی عمل کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے ڈیجیٹل ریکارڈنگ کے ذریعے مانیٹر کیا گیا، جس کا مقصد شفافیت کو مزید بہتر بنانا ہے۔ ڈی پی او جھنگ نے واضح کیا کہ صرف وہی اہلکار محکمانہ ترقی کے مستحق ہوں گے جو محنتی، باصلاحیت اور اہل ہوں گے، تاکہ محکمہ پولیس میں پیشہ ورانہ معیار کو مزید بلند کیا جاسکے۔

کرسچن کمیونٹی کے زیر اہتمام پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی نکالی گئی

پاکستان کی سالمیت کیلئے ہم ہر قربانی دینے کے لئے تیار ہیں



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) کرسچن کمیونٹی کے زیر اہتمام پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی نکالی گئی تفصیلات کے مطابق کرسچن کمیونٹی کے زیر اہتمام پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ہی ٹی روڈ میاں چنوں تائی چوک ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت چوہدری عمر دراز نے کی، اس موقع پر شرکاء کا کہنا تھا کہ پوری کرسچن کمیونٹی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پاکستان کی سالمیت کیلئے ہم ہر قربانی دینے کے لئے تیار ہیں، اور بھارت کو اس بار عبرت بنا دیا جائے گا، ریلی میں کرسچن کمیونٹی کے ناصر آکاش، عدنان اقبال سمیت شرکاء کی بڑی تعداد شریک تھی۔

حافظ آباد شہر میں گرمی شروع ہوتے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عروج پر پہنچ گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں گرمی شروع ہوتے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عروج پر پہنچ گئی۔ جس سے سکولوں میں زیر تعلیم طلبہ و طالبات اور اساتذہ کے لئے تعلیم و تعلم کا سلسلہ جاری رکھنا محال ہوگیا جبکہ ایف اے ایف ایس سی کے امتحانی سنٹروں میں امیدواروں کے پسینے سے شرابور ہونے سے خراب ہونے لگے۔ متحدہ محاذ اساتذہ کے ضلعی چیئرمین ریاض احمد تارڑ نے بجلی کی طویل بندش پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ جس قدر گرمی پڑ رہی ہے ایک ایک کلاس روم میں ستر ستر بچے بیٹھے ہوئے ہیں ان حالات میں بجلی کی بندش سے بچے نہ صرف نڈھال ہو کر سکیاں بھرتے ہیں بلکہ کبھی بچے بے ہوش بھی ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بجلی کی طویل بندش اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے۔

سرکاری ہسپتال آوٹ سورس کرنے کا حکومتی فیصلہ: ڈاکٹرز کی ہڑتال، مریض رل گئے

حکومت اور ملازمین کے درمیان جاری جنگ میں مریض فٹ بال بن کر رہ گئے، عام آدمی کے لئے صحت کی بنیادی سہولیات ناپید ہو چکی ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سرکاری ہسپتال آوٹ سورس کرنے کا حکومتی فیصلہ ڈاکٹرز ملازمین کی ہڑتال ہسپتال بند مریض رل گئے حکومت اور ملازمین کے درمیان جاری جنگ میں مریض فٹ بال بن کر رہ گئے عام آدمی کے لئے صحت کی بنیادی سہولیات دینا حکومت کا کام ہے وہ بھی عوام سے چھینی جا رہی ہیں ہم ہسپتال پرائیویٹ نہیں ہونے دیں گے ہماری جنگ عوام کیلئے ہے ملازمین کی گفتگو تفصیل کے مطابق سرکاری ہسپتالوں کو پرائیویٹ کرنے کے فیصلے کے بعد ہسپتالوں میں ملازمین کی کام چھوڑ ہڑتال جاری ہے جس کی وجہ سے دور دراز سے آنے والے مریض مایوس ہو کر گھروں کو لوٹ رہے ہیں ہسپتالوں میں آوٹ ڈور گائنی اور حفاظتی ٹیکہ جات کا شعبہ برائے نام کھلا رکھا گیا ہے باقی تمام شعبہ جات کئی روز سے بند ہیں جس سے عام آدمی کے لئے صحت کی بنیادی سہولیات ناپید ہو چکی ہیں ملازمین نے موقف دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہسپتال پرائیویٹ نہیں ہونے دیں گے ہم عام آدمی کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں شہریوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور ملازمین کی جنگ میں ہم فٹ بال بن رہ گئے ہیں سرکاری ہسپتالوں کی تالہ بندی سے پرائیویٹ ہسپتال کلینک اور اتائی عوام کا دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں حکومت عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جو عوام کا بنیادی حق ہے۔

پوری قوم ایک کڑے امتحان سے گزر رہی ہے: علامہ غلام اکبر ساقی

پاکستانی عوام اور افواج پاکستان کے درمیان رشتہ ایمان، وفاداری اور تحفظِ وطن پر مبنی ہے جو ناقابل شکست ہے

اسلام آباد (میاں محمد ساجد) جمعیت اسلامیہ پاکستان کے سربراہ علامہ غلام اکبر ساقی نے پریس کلب فیصل آباد میں ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ آج پوری قوم ایک کڑے امتحان سے گزر رہی ہے، لیکن پاکستانی عوام اور افواج پاکستان کے درمیان رشتہ ایمان، وفاداری اور تحفظِ وطن پر مبنی ہے جو ناقابل شکست ہے۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ مرکزی ترجمان ڈاکٹر سید افتخار حسین نقوی، پیر مقصود مدنی، علامہ ریاض احمد کھرل، مفتی نصر اللہ، مفتی مظفر اقبال اور رانا فرحت بھی موجود تھے۔ علامہ غلام اکبر ساقی نے کہا کہ پاکستانی قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ دشمن یہ سمجھتا ہے کہ وہ پروپیگنڈے اور سازشوں کے ذریعے قوم اور فوج میں دوری پیدا کر لے گا، تو یہ اس کی بھول ہے۔ قوم کا ہر فرد اپنے محافظوں کے ساتھ ہے، اور وطن کے ایک ایک انچ کے دفاع کے لیے متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو ختم کرنے کی دھمکیاں، بنگرام واقعے کو عالمی سطح پر اچھالنے کی کوششیں، اور پاکستان کو بدنام کرنے کی سازشیں دراصل ایک بڑی جنگی نفسیات کا حصہ ہیں۔ لیکن ہم دشمن کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ پاکستان نہ جھکا ہے، نہ جھکے گا۔ مرکزی ترجمان ڈاکٹر افتخار حسین نقوی نے کہا کہ عالمی سامراجی قوتوں نے اقوام متحدہ کو ایک غیر موثر ادارہ بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین میں معصوموں کی نسل کشی اور عالمی خاموشی انسانیت کے منہ پر طمانچہ ہے۔ پیر مقصود مدنی نے کہا کہ پاکستانی فوج نے ہمیشہ دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے، اور اب بھی اگر دشمن نے میلی آنکھ سے دیکھا، تو پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہوگی۔ علامہ غلام اکبر ساقی نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر آل پارٹیز کانفرنس (APC) بلائی جائے، جس میں تمام مکاتب فکر اور سیاسی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر لا کر قومی بیانیہ مضبوط کیا جائے۔ "ہمیں دشمن کی چالوں کا جواب صرف اور صرف قومی یکجہتی، دانشمندی اور شعور سے دینا ہوگا۔" علامہ ریاض احمد کھرل و دیگر نے کہا کہ پاکستان کا قیام اتحاد سے ہوا، بقا بھی اتحاد میں ہے۔ فوج اور قوم ایک جسم کی مانند ہیں۔ ہماری صفوں میں کسی قسم کی دراڑ ڈالنے والے عناصر کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ پریس کانفرنس کے اختتام پر علامہ غلام اکبر ساقی نے پوری قوم سے اپیل کی کہ وہ اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے وطن کے دفاع اور استحکام کے لیے یکجہتی کا مظاہرہ کرے۔

دارارقم سکول رائیونڈ میں سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات کا شاندار انعقاد کیا گیا

پُراثر تقریب کے مہمانِ خصوصی دارارقم گروپ کے ڈائریکٹرز میاں محمد اشرف اوپل اور سلیم احمد تنخ تھے



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) دارارقم سکول رائیونڈ میں سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات کا شاندار انعقاد کیا گیا۔ دارارقم سکول رائیونڈ میں سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات نہایت وقار، سادگی اور جوش و خروش کے ساتھ منعقد ہوئی۔ اس پُراثر تقریب کے مہمانِ خصوصی دارارقم گروپ کے ڈائریکٹرز میاں محمد اشرف اوپل اور سلیم احمد تنخ تھے، جنہوں نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ اور اساتذہ میں انعامات تقسیم کیے۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جس کے بعد پرنسپل، وائس پرنسپل اور اساتذہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ سال 2024-25 میں اعلیٰ تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات کو شیلڈز اور اسناد سے نوازا گیا۔ اس تقریب کی خاص بات اساتذہ کی حوصلہ افزائی تھی، جنہیں نہ صرف شیلڈز اور سرٹیفکیٹس دیے گئے بلکہ ادارے کی طرف سے ایک خوش آئند اقدام کے طور پر ایک خوش نصیب استاد کو عمرہ کا ٹکٹ بھی پیش کیا گیا، جسے حاضرین نے خوب سراہا۔ ڈائریکٹر میاں اشرف اوپل نے اپنے خطاب میں کہا کہ دارارقم سکول صرف تعلیمی ادارہ نہیں بلکہ ایک تربیت گاہ ہے، جہاں بچوں کو علم کے ساتھ کردار کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔ انہوں نے کامیاب طلبہ، محنتی اساتذہ اور تعاون کرنے والے والدین کو مبارکباد دی۔ تقریب کے اختتام پر اساتذہ اور طلبہ کے لیے ریفریشمنٹ کا بھی اہتمام کیا گیا، جس سے تمام شرکاء نے لطف اٹھایا۔ حاضرین نے اس شاندار اور باوقار تقریب کے انعقاد پر انتظامیہ کو سراہا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

جہلم پاک افواج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے جہلم شہر میں تاریخی ریلی کا انعقاد کیا گیا

ریلی کی قیادت سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری ندیم خادم تحصیل صدر چوہدری راشد گھرمالہ نے کی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پاک افواج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے جہلم شہر میں تاریخی ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری ندیم خادم تحصیل صدر چوہدری راشد گھرمالہ نے کی۔ ریلی کا آغاز پاکستان مسلم لیگ ن کے سیکرٹریٹ سول لائن گجر پاؤس سے ہوا جو سیشن کورٹ میجر اکرم شہید روڈ سے اولڈ جی ٹی روڈ سے ہوتی ہوئی پریس کلب کے باہر اختتام پزیر ہوئی جہاں قائدین نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کیا ریلی میں مختلف یونین کونسلز سے تعلق رکھنے والے سابق چیئرمینز کونسلرز علما کرام تاجر برادری وکلا نوجوانوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ سینکڑوں افراد نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔ شرکا نے ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے، پاک فوج زندہ باد"، وطن کی شان، افواج پاکستان" اور "ہم سب کا ایک ہی نعرہ، پاکستان ہمیں جان سے پیارا پاکستان زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے، جس سے پورا ماحول جوش و ولولے سے بھر گیا اس موقع پر سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری ندی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیشکش

وزیراعظم شہباز شریف نے بھارت کو پہلگام واقعے پر کسی بھی غیر جانبدار، شفاف اور قابل اعتماد تحقیقات میں شرکت کی پیشکش کر کے فی الحقیقت پاکستان کے خلاف مودی حکومت کی بے بنیاد اور گمراہ کن پروپیگنڈہ مہم کا کوئی جواز باقی نہیں رہنے دیا ہے۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کے کیڈٹس کی پاسنگ آوٹ پریڈ سے ملک کی اعلیٰ سیاسی اور عسکری قیادت کی بھرپور موجودگی میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے بھارت کی سراسر بے بنیاد مہم جوئی کے حوالے سے واضح کیا کہ مشرقی سرحد پر ہمارے پڑوسی نے پہلگام کے حالیہ سانحہ میں قابل بھروسہ تحقیقات یا قابل تصدیق شواہد کے بغیر بے بنیاد اور جھوٹے الزامات لگانے کا اپنا رویہ جاری رکھا ہے جو اس کی دائمی الزام تراشی کی ایک اور مثال ہے۔ اس تناظر میں پاکستان کی جانب سے تحقیقات میں شرکت کی پیشکش انہوں نے ان الفاظ میں کی کہ ''ایک ذمہ دار ملک ہونے کے ناطے پاکستان پہلگام واقعے کی کسی بھی نیوٹرل، شفاف اور قابل اعتماد تحقیقات میں شرکت کیلئے تیار ہے۔'' تاہم وزیراعظم نے وقت کے تقاضے کے عین مطابق اس امر کو بھی واضح کر دیا کہ ''امن ہماری خواہش ہے لیکن اسے ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، ہم اپنے ملک کے وقار اور سلامتی پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے، کسی نے پاکستان کے خلاف مہم جوئی کی تو اسے منہ توڑ جواب ملے گا۔'' سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کے مودی حکومت کے اس فیصلے کو جس کا اسے اختیار ہی حاصل نہیں تھا، مسترد کرتے ہوئے وزیراعظم نے قومی سلامتی کمیٹی اور سینیٹ کی قرارداد کے ذریعے دنیا کے سامنے آنے والے پوری پاکستانی قوم کے متفقہ موقف کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا کہ ''پانی ہمارے عوام کیلئے لائف لائن ہے، پاکستان کے پانی کے بہاو کو روکنے کی کسی بھی کوشش کا پوری طاقت سے جواب دیا جائے گا۔'' پاکستان کی جانب سے بھارت کو غیر جانبدارانہ تحقیقات میں شرکت کی اس کھلی پیشکش کے بعد بھارتی حکمرانوں کیلئے معقولیت کا راستہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ اس پیشکش کو قبول کر کے جلد از جلد ایسی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کی راہ پر پیش قدمی کریں جس کے قابل اعتماد ہونے میں کوئی شک وشبہ نہ ہو۔ تاہم بھارت اگر اس پیشکش کو قبول نہیں کرتا تو یہ طرز عمل پوری دنیا کے سامنے پاکستان کے خلاف اس کے جھوٹے الزامات کی حقیقت بے نقاب کر دے گا اور اس کے پاکستان دشمن وپیگنڈے کے غبارے سے ساری ہوا نکل جائے گی جبکہ پاکستان کی نیک نیتی عالمی رائے عامہ پر پوری طرح عیاں ہو جائے گی۔ یہ امر انتہائی اطمینان بخش ہے کہ خود بھارت کے اندر کئی سیاسی رہنما پہلگام واقعے میں مودی حکومت کے کردار پر سخت تنقید کر رہے ہیں اور اسے سیاسی مفاد کیلئے رچایا گیا ایک سنگدلانہ ناٹک قرار دے رہے ہیں۔ دوسری جانب گزشتہ روز اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کو اپنی مرضی کی قرارداد منظور کرانے میں ناکامی اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ بین الاقوامی برادری پہلگام واقعے میں پاکستان کو ملوث کرنے کی بدنیتی پر مبنی بھارتی کوششوں کو قطعی قابل اعتبار نہیں سمجھتی جبکہ اس پیش رفت کو پاکستان کی ایک بڑی سفارتی کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔ عالمی برادری کا فرض ہے کہ وہ دنیا کو بھارتی حکمرانوں کے امن دشمن رویوں اور ان کے مہلک نتائج سے محفوظ رکھنے کیلئے پائیدار اور نتیجہ خیز اقدامات عمل میں لائے۔ کشمیریوں کو حق خود ارادی دلانے کے وعدے پورے کرے، اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں اور سکھوں کے ساتھ امتیازی سلوک ختم کرانے میں اپنا کردار موثر طور پر ادا کرے اور پہلگام واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات میں شرکت کی جو پیشکش پاکستان نے کی ہے، مودی حکومت پر واضح کرے کہ اسے قبول نہ کیا تو پہلگام سانحہ اپنے مذموم مقاصد کیلئے خود اس کا رچایا ہوا ڈراما سمجھا جائے گا اور بھارت کو اس کے نتائج کا سامنا کرنا ہوگا۔

معاشی اشاریے بہتر!

پاکستان کے قرضے لینے کی نہ صرف تاریخ پرانی ہے اور اس کا مجموعی حجم جو رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 72 ہزار ارب روپے سے تجاوز کر گیا ہے، یہ بات اس سے بڑھ کر لمحہ فکریہ ہے کہ ان حالات میں معیشت کے مستقل طور پر قرضوں سے نجات پانیکی ہمارے پاس تاحال ضمانت نہیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے ہفتے کے روز پاکستان کے معاشی اشاریہ بہتری کی طرف جانے کی خوشخبری دی ہے۔ ان کے مطابق فروری میں پست ترین سطح پر پہنچنے کے بعد موجودہ دنوں میں زرمبادلہ کے ذخائر تین گنا بڑھ چکے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگ زیب نے واشنگٹن میں اپنی موجودگی کے دوران قرضے دینے والے اداروں کی طرف سے اس پیغام کو میڈیا کے سامنے واضح کیا ہے کہ اسٹرٹیجک ریفارمز کے عمل پر قائم رہتے ہوئے پاکستان معاشی عروج وزوال سے مستقل چھٹکارا پائے۔ ان تلخ حالات میں کہ ملک کو تجارتی عدم توازن، بجٹ خسارے، افراط زر، محصولات کی شرح محض 33 تا 40 فیصد پر رہنیکا سامنا ہیا ور سب سے بڑھ کر یہ کہ مالی بدعنوانی بہت سے محکموں میں سرایت کر چکی ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر کو نئے قرضے لے کر پورا کرنا پڑ رہا ہے، ہوشربا قرضے کیونکر اتارے جائیں گیا اور مزید قرضے نہ لینے کی ضمانت کیونکر دی جاسکے گی۔ وزیر خزانہ کا یہ مشاہدہ بجا ہے کہ جب بھی پاکستان کسی حد تک معاشی استحکام حاصل کرتا ہے، اگلے ہی قدم پر وہ راستے سے ہٹ جاتا ہے۔ جس کا نتیجہ مصنوعی خوشحالی کی صورت میں سامنے آتا رہا ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہمیں ایڈہاک ازم سے نکلتے ہوئے معاشی میدان میں اپنی روش بدلنا ہوگی، جس کا پہلا قدم ملک میں سیاسی استحکام لانا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف آئی ایم ایف سے لیے گئے موجودہ قرض کو آخری قرضے کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں، جسپورا کر کے ہی آگے بڑھا جاسکتا ہے۔

قوم کی تشکیل اور ہماری متحدہ کوششیں



بیدار
فہیم حاصل
FaheemHasil 1@gmail.com

قوم کی تشکیل ہمیشہ سے ایک پیچیدہ اور متعدد عوامل کا مجموعہ رہی ہے۔ تاریخ نے ہمیں سکھایا ہے کہ قومیں اکثر یا تو قومیت کے نام پر بنائی جاتی ہیں، یا مذہب کے نام پر۔ ان دونوں بنیادوں پر اکٹھی ہونے والی قوموں نے نہ صرف بڑی کامیابیاں حاصل کیں بلکہ ان کو سنگین چیلنجز کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ قومیت کے نام پر جہاں ایک طرف تصادم اور جنگوں کا سامنا ہوا، وہیں دوسری طرف مذہب کے نام پر بھی کئی قومیں بنیں، جن کے درمیان طاقتور اتحاد اور مذہبی عصبیتوں کا معاملہ رہا۔ لیکن اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم کونسی بنیاد پر ایک قوم بن سکتے ہیں؟ اور کیا ہم اس مقام تک پہنچ سکتے ہیں جہاں ہم سب کی سوچ یکجا ہو سکے؟ آج کی دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ نہ ہم قومیت کے نام پر متحد ہیں اور نہ مذہب کے حوالے سے کوئی ٹھوس اتحاد موجود ہے۔ ہر صوبہ، ہر قوم، ہر فرقہ اپنی اپنی شناخت کی بنیاد پر الگ تھلگ دکھائی دیتا ہے۔ پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخواہ جیسے علاقے اپنے حق ومطالبات کی بات کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ مختلف مفادات کی بنا پر اختلافات رکھتے ہیں۔ اسی طرح، مذہبی فرقے بھی اپنی اپنی سوچ اور عقائد کے مطابق الگ الگ رائے رکھتے ہیں، جو ہماری اجتماعی یکجہتی میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔

اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم اپنی مذہبی یا ثقافتی شناختوں کو چھوڑ دیں، بلکہ سوال یہ ہے کہ کیا ہم اپنے اختلافات کے باوجود ایک ایسی مشترکہ سوچ پیدا کر سکتے ہیں جو ہمیں ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکے؟ کیا ہم اپنے آپ کو اتنی وسعت دیں گے کہ ہماری قومیت اور مذہب ہمیں متحد کرنے کے بجائے ہمیں تقسیم نہ کرے؟ یہ حقیقت ہے کہ قوم بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم ایک مشترک بنیاد پر قائم ہوں، اور یہ بنیاد صرف اور صرف ہمارے اجتماعی مفاد اور یکجہتی کی طاقت سے ہی ممکن ہے۔ ہمیں یہ حقیقت تسلیم کرنی ہوگی کہ قومیت اور مذہب دونوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، لیکن دونوں کی بنیادیں مختلف ہیں۔ قومیت ایک جغرافیائی، ثقافتی اور لسانی تعلق کی نشاندہی کرتی ہے، جب کہ مذہب ایک روحانی، اخلاقی اور دینی معیار پر مرکوز ہوتا ہے۔ لیکن دونوں میں ایک چیز مشترک ہے کہ یہ ہمیں ایک دوسرے کے قریب لا سکتے ہیں، بشرطیکہ ہم اپنی سوچ کو وسیع کریں اور اس بات کو سمجھیں کہ اختلافات کے باوجود ہم سب کا مقصد ایک ہی ہے ترقی، خوشحالی اور اتحاد۔ آج ہمیں اس سوال کا جواب تلاش کرنا ہے کہ کیا ہم قومیت کے نام پر متحد ہو سکتے ہیں؟ یا پھر مذہب کے نام پر؟ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم سب اپنے اندر کی سوچ اور رویے میں تبدیلی لائیں۔ اگر ہم قومیت کے نام پر متحد ہونا چاہتے ہیں، تو ہمیں صوبوں کے درمیان تفریق کو کم کرنا ہوگا اور ہر قوم کے احترام کو یقینی بنانا ہوگا۔ یہ تب ممکن ہے جب ہم اپنے جغرافیائی اور ثقافتی تنوع کو ایک قوت کے طور پر استعمال کریں، نہ کہ اس کے ذریعے فرقہ واریت کو بڑھاوا دیں۔ اگر ہمیں مذہب کے نام پر متحد ہونا ہے تو ہمیں اپنے عقائد کے اصل پیغامات کو سمجھنا ہوگا اور اس میں موجود محبت، امن اور بھائی چارے کے اصولوں کو اپنانا ہوگا۔ دین اسلام سمیت ہر مذہب ہمیں اس بات کی ترغیب دیتا ہے کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ عزت واحترام کے ساتھ پیش آئیں اور انسانیت کے بنیادی حقوق کا تحفظ کریں۔ مذہب کا اصل پیغام انسانوں کو ایک دوسرے کے قریب لانا اور ایک مضبوط معاشرتی بندھن بنانا ہے۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنی شناخت کو وسیع کریں اور اپنی قومیت اور مذہب کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کریں۔ ہمیں اپنے اندر کی تقسیموں کو مٹا کر ایک قوم بننا ہوگا۔ یہ تب ہی ممکن ہے جب ہم اپنی اختلافات کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف اور صرف مشترکہ مفادات کو پیش نظر رکھیں۔ اگر ہمیں ترقی کرنا ہے، تو ہمیں صرف اپنے اندر کی یکجہتی کو بڑھانا ہوگا۔ ہمیں اپنے فردی مفادات کو اجتماعی مفادات کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہوگا، تاکہ ہم سب ایک ہی مقصد کے لیے کام کر سکیں۔ ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ قوم کی بنیاد محض جغرافیائی حدود یا ثقافتی فرقے نہیں، بلکہ وہ مشترکہ مفادات اور یکجہتی ہے جو ہمیں ایک دوسرے سے جوڑتی ہے۔ اگر ہم اپنے آپ کو ایک قوم کے طور پر دیکھیں گے، جہاں ہر فرد کی عزت اور مقام ہو، جہاں ہر مذہب، فرقہ اور قوم کا احترام کیا جائے، تو ہم نہ صرف اپنی موجودہ حالت کو بہتر بنا سکتے ہیں، بلکہ دنیا کے سامنے ایک نئی مثال بھی قائم کر سکتے ہیں۔ یہ تحریر (کالم) ایک دعوت ہے کہ ہم اپنی سوچ کو وسعت دیں، اپنے اندر کی تقسیموں کو ختم کریں اور ایک ایسی قوم کی تشکیل کے لیے کام کریں جہاں ہر فرد کا مقام ہو، ہر نظریے کا احترام کیا جائے اور جہاں ہم سب ایک ساتھ، اپنے مشترکہ مفاد کی جانب قدم بڑھا سکیں۔ صرف اس صورت میں ہم ایک قوم بن کر ترقی کی راہوں پر گامزن ہو سکتے ہیں۔

طلاق اور اطلاق



کونین
محمد ناصر اقبال خان
Kaonain1@gmail.com

اِسلام دین فطرت اور ہر انسان کیلئے کامیاب ضابطہ حیات ہے۔ اِسلام نے جہاں مرد وزن کے حقوق متعین کئے وہاں ان کی حدود بھی مقرر کر دی ہیں، مقررہ حدود سے تجاوز کرنا محض سرکشی نہیں بلکہ ایک طرح سے خودکشی ہے۔ اِسلام نے جس طرح معاشرت اور معیشت کی سطح پر خواتین کو ان کا جائز حق اور مقام دیا وہ دوسرا کوئی دین نہیں دے سکتا۔ قرآن مجید کی مقدس آیات سے انسانوں کو زندگی میں پیش آنیوالے مختلف واقعات ، معاملات، موضوعات اور تنازعات بارے سیر حاصل رہنمائی ملتی ہے۔ اِسلام کہتا ہے نکاح کے سلسلہ میں بیٹیوں سے ان کی پسند ناپسند ضرور پوچھی جائے لہٰذا ماں باپ ضرور پوچھیں لیکن خود تحقیق بھی کریں کیونکہ جہاں زیادہ تر انسانوں کے چار چار چہرے اور ان پر نقاب بھی ہوں وہاں بھولی بھالی بیٹیاں غلطیاں کر سکتی ہیں لیکن کوئی زمانہ شناس باپ اپنی بیٹی کو جان بوجھ کر کسی کنویں میں نہیں دھکیلتا۔ اگر تیک نیتی کے باوجود ماں باپ سے اپنے داماد کے انتخاب میں غلطی ہوجائے تو وہ اس کی تلافی کر سکتے ہیں لیکن اگر بیٹی سے اپنا شوہر منتخب کرنے میں حماقت ہوجائے تو اسے تنہا اس کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔ راقم کے نزدیک جو بیٹی چند ماہ کے نام نہاد پیار کیلئے ماں باپ کی اٹھارہ بیس برس کی تربیت ، والہانہ محبت اور شفقت فراموش کر دے وہ زندگی بھر کیلئے عفت اور عافیت سے محروم ہوجاتی ہے، اسلام کے نزدیک پسند کا بیاہ پسندیدہ ہے لیکن جو محض اپنی پسند اور ناپسند کی خاطر ماں باپ کی عزت روند دیں ان بیٹوں اور بیٹیوں کی زندگی بھر کوئی عزت نہیں کرتا۔ یقیناً اس نکاح میں فلاح ہے جس میں دو افراد نہیں بلکہ دو خاندان شریک ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے نکاح کو پسند جبکہ طلاق کو ناپسند فرمایا لیکن ناپسندیدگی کے باوجود جہاں شوہر کو اس کے استعمال کا حق دیا وہاں بیوی کو بھی ناگزیر صورت میں خلع حاصل کرنے کا اختیار دیا ہے۔ یاد رکھیں تربوز چھری پر گرے یا چھری تربوز پر، جس طرح دونوں صورتوں میں تربوز نے کٹنا ہوتا ہے اس طرح ہمارے ناخواندہ اور پسماندہ معاشرے میں شوہر اپنی بیوی کے ہاتھوں میں طلاق کا پروانہ تھمادے یا کسی ہاوفا اور باصفا عورت کو بالامر مجبوری خلع کا بوجھ اٹھانا پڑ جائے تو ہر دو صورت اس کیلئے باعث زندگی مزید دشوار اور کٹھن ہو جاتی ہے۔ یاد رکھیں جس کسی نے ناجائز طور پر محض اپنی "انا" کا پرچم اونچا کرنے کیلئے طلاق دی وہ یقیناً "فنا" ہوگا۔ جو عورت طلاق یا خلع کی صورت میں ایک آگ کے دریا سے باہر نکلتی ہے تو آگ کے مزید کئی سمندر اس کی راہ میں رکاوٹ بن جاتے ہیں لہٰذا اپنے اجلے دامن پر طلاق کا داغ سجائے بیٹیوں کیلئے نیا گھر آباد کرنا ہرگز آسان نہیں ہوتا۔ ہماری عدم برداشت اور انانیت نے خاندانوں کے خاندان اجاڑ دیے ہیں، معمولی وجوہات کی بنیاد پر بیویوں کو طلاق دینا اللہ تعالیٰ کے غضب کو دعوت دینا ہے۔ "طلاق" کے ساتھ بیویوں کے گلے میں رسوائی اور بدنامی کا "طوق" ڈالنا کہاں کی انسانیت اور اخلاقیات ہے، شوہر ناگزیر صورت میں اپنی بیوی کو "طلاق" دیتے وقت بھی خود پر ضابطہ اخلاق کا "اطلاق" ضرور کریں، جو خاتون عزت کے ساتھ آپ کی زندگی میں آئی تھی اور اس نے کئی برسوں تک آپ کی عزت کا پہرہ دیا اسے حق مہر سمیت دوسرے حقوق اور عزت کے ساتھ رخصت کریں۔ نکاح کے وقت شوہر کی رضامندی اور مرضی ومنشاء کے بغیر حق مہر مقرر نہیں ہوسکتا لہٰذا ادا کرتے وقت بدمزگی پیدا کرنا شوہروں کے شایان شان نہیں۔ یاد رکھیں کوئی عزت دار مرد بوجوہ طلاق دیتے وقت اور بعد میں بھی اپنی سابقہ بیوی کی عزت تار تار نہیں کرتا لیکن جس شوہر کا اپنا دامن عزت اور حمیت سے خالی ہو وہ بیوی کو رسوا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتا۔ اگر اپنے شوہر کے تشدد ، گالی گلوچ اور جارحانہ رویوں سے بیزار کوئی عزت دار عورت صلح کا دروازہ بند اور خلع کا راستہ کرے تو اسے بھی حق مہر ضرور دیں کیونکہ آپ نے اپنی بیوی کو ایک بار جو تحفہ دے دیا اب وہ ہمیشہ کیلئے اس کا ہے خواہ وہ آپ کے نکاح میں رہے ، آپ اسے طلاق دے دیں یا وہ خود بامر مجبوری خلع کا اختیار استعمال کرے۔ عزت دار اور وضع دار لوگ دیا ہوا تحفہ واپس نہیں لیا کرتے۔ یاد رکھیں جس کے پاس دین اسلام بارے مستند تعلیمات اور معلومات نہ ہوں وہ ہرگز اسلامی موضوعات پر اظہار خیال نہ کیا کرے۔

مسلمانوں کو فرض عبادات اور جہاد کے سوا بعض احکامات بارے اجتماعی اجتہاد کرنے کی اجازت ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے پچھلے دنوں ایک مجسٹریٹ میں خلع حاصل کرنیوالی خواتین کو بھی حق مہر کی مستحق قرار دیا ہے۔ عدالت عالیہ کے جسٹس نے اسلامی تعلیمات، اخلاقیات، اپنی معلومات اور اپنے مشاہدات کی بنیاد پر قرار دیا ہے کہ " محض خلع حاصل کرنے کی بنیاد پر خاتون کو حق مہر کی رقم سے محروم نہیں کیا جاسکتا"۔ مجسٹریٹ کی رو سے حق مہر کو عورتوں کیلئے ایک معاشی سیکیورٹی تصور کیا جاتا ہے، اگر خاوند کا رویہ خاتون کو خلع کا حق استعمال پر مجبور کردے تو وہ اپنے حق مہر سے دستبردار نہیں ہوسکتی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے ایک شہری آصف محمود کی درخواست پر فیصلہ سناتے اور خواتین کی محرومیوں کا مداوا کرتے ہوئے ان کے زخموں پر مرہم رکھ دیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے نزدیک طلاق دینا شوہر کا حق ہوتا ہے لیکن طلاق دینے کی صورت میں شوہر کے پاس حق مہر سمیت دوسرے تحائف کی واپسی کا تقاضا کرنے کا استحقاق نہیں رہتا۔ مجسٹریٹ میں قرار دیا گیا کہ جو شوہر اپنی بیوی کو طلاق دے سورۃ النساء کی مقدس آیات اسے اپنی اہلیہ کو دوبارہ ایک تحفہ واپس مانگنے سے روکتی ہیں۔ مجسٹریٹ کی روسے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے تحت خاوند کی طرف سے تشدد سمیت ناقابل برداشت منفی رویوں کی بنیاد پر بامر مجبوری لی گئی خلع کے بعد عدالت حق مہر کی رقم واپس نہ کرنے کا حکم صادر کر سکتی ہے۔ دوسری طرف 3 2 اپریل 2025ء کو عدالت عظمیٰ کے ڈویژن بینچ نے اپنی حالیہ مجسٹریٹ میں قرار دیا ہے کہ خلع حاصل کرنیوالی خاتون کو اپنا دامن عزت اور حمیت سے خالی ہو وہ بیوی کو رسوا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتا۔ اگر اپنے شوہر کے تشدد ، گالی گلوچ اور جارحانہ رویوں سے بیزار کوئی عزت دار عورت صلح کا دروازہ بند اور خلع کا راستہ کرے تو اسے بھی حق مہر ضرور دیں کیونکہ آپ نے اپنی بیوی کو ایک بار جو تحفہ دے دیا اب وہ ہمیشہ کیلئے اس کا ہے خواہ وہ آپ کے نکاح میں رہے ، آپ اسے طلاق دے دیں یا وہ خود بامر مجبوری خلع کا اختیار استعمال کرے۔ عزت دار اور وضع دار لوگ دیا ہوا تحفہ واپس نہیں لیا کرتے۔ یاد رکھیں جس کے پاس دین اسلام بارے مستند تعلیمات اور معلومات نہ ہوں وہ ہرگز اسلامی موضوعات پر اظہار خیال نہ کیا کرے۔

مسلمانوں کو فرض عبادات اور جہاد کے سوا بعض احکامات بارے اجتماعی اجتہاد کرنے کی اجازت ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے پچھلے دنوں ایک

عوام سے مہنگائی میں کمی کا مذاق!



صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

اس حکومت کے وزیراعظم سے لے کر وزرا تک، سارے ہی تکرار کے ساتھ مہنگائی میں کمی کے اعلانات کر کے نہ صرف اپنی ''فتح کے شادیانے'' بجا رہے ہیں، بلکہ ملک میں افراط زر میں کمی کو بھی اپنی بڑی کامیابی کے طور پر پیش کر رہے ہیں، اس پر عوام کا ایک ہی سوال ہے کہ مہنگائی میں کمی کے اثرات ان تک کیوں نہیں پہنچ رہے؟ اس کا حکمرانوں کے پاس سوال چنا ،جواب گندم کے مصداق ہے، حکومت کے سارے دعوؤں کے باوجود مہنگائی میں کمی آ رہی ہے نہ ہی عوام کو مہنگائی سے نجات ملتی نظر آ رہی ہے، بلکہ، روزمرہ کی اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں اور متوسط، غریب طبقے کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہی ہو رہا ہے۔

ملک بھر میں حکمرانوں کے دعوؤں کے برعکس مہنگائی میں شب روز اضافہ ہی ہو رہا ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے کو اپنی کامیابی قرار دیا جا رہا ہے، اس خوش فہمی کی زمینی حقائق بھی تردید کرتے ہیں، اگرچہ وفاقی اعداد و شمار کے مطابق کچھ اشیاء کی قیمتوں میں معمولی کمی ہوئی ہے، جیسا کہ زندہ مرغی، آٹا، پیاز اور ٹماٹر، لیکن اس فہرست سے ہٹ کر بنیادی اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہی دیکھنے کو ملا ہے، آلو، انڈے، نمک، گڑ، دالیں، دہی، تک مہنگی ہو چکی ہیں، اس سے واضح ہوتا ہے کہ جن اشیاء کا روزمرہ کی زندگی سے براہ راست تعلق ہے، وہ عوام کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں، اصل مسئلہ صرف اشیاء کی قیمتوں کا نہیں، بلکہ ان اشیاء تک رسائی کا بھی ہے، جو کہ نہیں ہو پا رہی ہے اور انظامیہ کہیں دکھائی نہیں دے رہی ہے۔

اگر دیکھا جائے تو آج ایک عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست مشکل ہو گیا ہے، گھریلو اخراجات کی دلدل میں دھنسے ہوئے والدین بچوں کو اسکول بھیجنے سے قاصر ہیں، بیماروں کے لیے دوا، بچوں کے لیے تعلیم اور عام آدمی کے لیے سکون، بنیادی ضرورت سب کچھ ایک خواب بن کر رہ گیا ہے، سرکاری دعووں اور گراف میں کمی ضرور دکھائی جا رہی ہے، مگر اس کے برعکس گلی محلوں میں بسنے والے افراد کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے، اس حکومت کی جانب سے جب تک اپنی پالیسیوں کا رخ عام شہری کی حالت زار کی جانب نہیں موڑا جاتا ہے، حکومت کے مہنگائی میں کمی لانے کے ایسے دعوے غیر مؤثر ہی رہیں گے، حکومت کو چاہیے کہ اشیائے خورو نوش کی قیمتوں کو صرف اعداد و شمار کی حد تک نہیں، بلکہ بازار کی سطح پر مستحکم کرنے کے لیے اقدامات کرے، اس کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقع بڑھانے، تعلیمی اخراجات کم کرنے اور صحت کی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے بھی عملی اقدامات کئے جائیں، جو کہ نہیں کیے جا رہے ہیں، حکومت کا نمائشی اعلانات اور اقدامات پر ہی زیادہ زور ہے، جبکہ ان اعلانات و اداامات کی عملی شکل کہیں دکھائی نہیں دے رہی ہے۔

اس ملک کا عام شہری حکومت سے صرف مہنگائی میں ریلیف مانگ رہا ہے اور حکومت عوام کو مہنگائی میں ریلف دینے کے بجائے مہنگائی میں کمی لانے کا مذاق کر رہی ہے، حکومت کو مہنگائی میں کمی لانے کیلئے خالی زبانی کلامی دعوؤں کے بجائے کچھ عملی کام کرنا ہوں گے، آسمان سے چھوتی مہنگائی عام آدمی کے لیے بے پناہ مشکلات کا باعث ہے، جبکہ یہ صورت حال معاشرے کے تمام شعبوں سے فوری توجہ اور ٹھوس کوششوں کی متقاضی ہے، حقیقی معاشی استحکام قرضوں سے آئے گا نہ ہی بیرونی امداد سے حاصل کیا جاسکتا ہے، اس کے لیے سیاسی و ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر معاشرے کے تمام طبقات کی جانب سے ایک متفقہ حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت ہے، اقتصادی چیلنجز سے مل کر نبرد آزما ہونے کیلئے سویلین اور عسکری قیادتوں کی جانب سے حالیہ عزم کا اعادہ ایک مثبت پیش رفت قرار دی جاسکتی ہے، چونکہ پاکستان معاشی بحران پر قابو پانے کے لیے خود کو تیار کر رہا ہے، اس لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اختلافات کو ایک طرف رکھیں اور ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کے مشترکہ مقصد کے لیے مل کر کام کریں، پاکستان ٹھوس اقدام اور ایک نئے عزم کے ساتھ ہی موجودہ معاشی چیلنجوں سے مضبوطی سے نہ صرف نکل سکتا ہے، بلکہ اپنے عوام کی زندگی بھی بدل سکتا ہے۔

" کسان کے آنسو اور گندم کے ریٹ"



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

پنجاب کی خوبصورت دھرتی میں کسان ملکی معیشت کے لیے ریڑ کی ہڈی مانا جاتا ہے،
پنجاب کی سونی دھرتی میں سال میں دو فصلیں چاول اور گندم پنجاب کی پہچان رکھتے ہیں اور ہر سال گندم اور چاول کی فصل سے جہاں نہ صرف ملک ترقی کرتا ہے بلکہ یہ کسان ملک میں اناج کی قلت میں بھی کمی کرتے ہیں کھیتوں میں سونے جیسے لہلہاتے گندم کے خوشے آج سیاہ پڑ چکے ہیں۔ کسان کی محنت کو اٹھائیس اپریل ہے۔ بس اس دن نہ بھولنا۔ کہ ووٹ ڈالنا قومی فریضہ ہے اور آپ کا اخلاقی فرض کہ قومی دھارا درست رکھنے کو وہ نمائندے چنیں جو قوم کے مستقبل کو بہتر کرنے اور آپ کے قومی سطح کے مسائل حل کرتے قانون سازی کر سکیں۔

تو ہم باپ بیٹا جمعہ اٹھارہ اپریل کی صبح ووٹ ڈالنے نکلے۔ خیال آیا کہ گڈ فرائی ڈے کی چھٹی ہے اور شاپنگ مال تو بند ہوگا۔ بیٹے نے بتایا ادھر آئے ہی اس لئے ہیں کہ مال بند ہونے کا خیال کرتے ادھر رش بہت کم ہوگا اور ڈیوڈ سوز وی کی سکول میں قطاریں لمبی ہوں گی۔ پیلے رنگ کی تختی پہ تیر کا نشان اور ووٹ کے الفاظ ایک گیٹ کی طرف اشارہ کر رہے تھے۔ چار چاق و چوبند رضا کار ہمارے ووٹر کارڈ چیک کرتے بائیں طرف مڑتے کچھ آگے خالی پڑے سٹور میں بنے ہمارے حلقہ کے پولنگ سٹیشن کی طرف رہنمائی کرتے اشارہ کر رہے تھے۔ بس دو چار ووٹر پہلے تھے۔ ابتدائی شناخت کے بعد متعلقہ کاؤ؟ نٹر پہ بیٹھی خاتون نے ہمارا شناختی اور ووٹ کارڈ لیا۔ کمپوٹر پہ اندراج کیا۔ مسکراتے حال چال پوچھتے ایک پرچہ جس پہ امیدواروں کے نام لکھے تھے اور ایک خالی بیلٹ پیپر معہ لفافہ تھما دیا۔ ہم نے دور پڑے ٹیبل پہ چاپسند کے امیدوار کا نام خالی پیپر پہ لکھا لفافے میں بند کر واپس آئے اور اسی میز پہ دوبارہ آ بیلٹ بکس میں ڈال ہیلو ہائے کرتے چار منٹ کے اندر ہی واپس لوٹ رہے تھے۔ اور دو چار فیملیز پولنگ سیشن میں داخل ہو رہی تھیں۔ نصف گھنٹے میں ہم واپس گھر پہنچ چکے تھے۔ سٹاف سے پوچھنے پہ پتہ چلا کہ چونکہ یہ پولنگ سٹیشن بذات خود الیکشن کمیشن کا خصوصی برانچ آفس تھا۔ اس لئے یہاں ووٹ کا طریق کار تقریباً بذریعہ ڈاک ووٹ سے ملتا جلتا تھا۔ ورنہ عام پولنگ سٹیشن کا طریق کار کچھ مختلف، یعنی ایک میز پہ کاغذات چیک ہوں، حروف ابجد کے حساب سے مقررہ کاؤ؟ نٹر پہ بھیجنا، وہاں سے شائع شدہ ووٹر لسٹ سے بھی اور کمپوٹر پر بھی اس ووٹ پر بھگتے جانے کا نشان لگا کے بیلٹ پیپر پر دور میزوں پہ بیٹھے اسی پہ لکھے امیدواروں کی فہرست میں اپنے پسند کے امیدوار کے نام کے آگے مقررہ نشان لگا، اسے تہہ کر کے دور پڑے یا اسی میز پہ پڑے بیلٹ باکس میں ڈالنا ہوتا ہے۔ الیکشن سے چند دن قبل آپ کو ووٹر کارڈ بذریعہ ڈاک مل جاتا ہے جس پہ آپ کے حلقہ کے لئے ایڈوانس پولنگ اور مقررہ دن کے لئے پولنگ سٹیشنز اور ایڈریس لکھا ہوتا ہے۔ اگر ووٹر کارڈ کسی وجہ سے نہ ملے یا آپ کسی اور شہر یا جگہ یا صوبہ منتقل ہو چکے ہوں تو بھی آپ ووٹنگ والے دن ہی اپنی رہائش والے حلقہ کے پولنگ سٹیشن پہ جا علیحدہ بنے سیکشن میں اپنی شہریت کا ثبوت شناختی کارڈ اور ایڈریس کا ثبوت پیش کر کے اسی وقت ووٹ بنوا، ڈال سکتے ہیں۔ اسی سیکشن میں چھوٹے موٹے مسائل کا حل پوری کوشش سے کیا جاتا ہے اور ممکن حد تک بغیر کسی واضح قانونی سقم کے ووٹ ڈالنے سے محروم نہیں رکھا جاتا۔

قابل ذکر ہے کہ میونسپل یا کارپوریشن کے الیکشن الیکٹرانک اور مشینی ہوتے ہیں۔ بیلٹ پیپر ذرا موٹے کا





اگر سرفراز اسوقت اتھارٹی رکھتے تو وہ آج بھی کپتان ہوتے' عمر اکمل

سرفراز باتوں میں نہ آتے تو شاید یہ آج پی ایس ایل کھیل رہے ہوتے، انٹرویو



کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق کپتان سرفراز احمد پاکستان کرکٹ ٹیم سے کیوں باہر ہیں، اس حوالے سے قومی کرکٹر عمر اکمل نے لب کشائی کی ہے۔ نجی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پاکستانی بیٹر عمر اکمل نے چیمپئنز ٹرافی کے فاتح کپتان سرفراز احمد کے پاکستان ٹیم میں نہ ہونے کی وجہ بتائی، عمر اکمل نے کہا کہ سرفراز احمد بہت جلدی باتوں میں آگئے تھے، اگر وہ باتوں میں نہ آتے تو شاید یہ آج پی ایس ایل بھی کھیل رہے ہوتے، اور ٹیم میں بھی ہوتے۔ عمر اکمل نے کہا کہ سرفراز احمد اپنے پاس تھوڑی سی اتھارٹی رکھتے جیسے شاہد آفریدی اور یونس خان نے رکھی ہوئی تھی تو ایسا نہ ہوتا۔ انھوں نے کہا کہا شاہد بھائی اور یونس بھائی نے بھی لمبی کپتانی کی ہے اور ٹیم کو ساتھ لے کر چلے ہیں، اگر سرفراز اس وقت اتھارٹی رکھتے تو وہ آج بھی کپتان ہوتے۔

بابر اعظم کو لگاتار دوسری بار آؤٹ کرنے پر محمد عامر کا منفرد جشن

پشپا کے اسٹائل میں ہاتھ بھی گھمایا' منہ سے اشارہ کرتے ہوئے دھماکے کا بھی اشارہ کیا



لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ 10 میں پاکستان کے ٹاپ بیٹر بابر اعظم کو لگاتار دوسری بار آؤٹ کرنے پر محمد عامر نے گراؤنڈ میں منفرد انداز میں جشن منایا۔ پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم اس بار پی ایس ایل میں اپنے پرانے رنگ میں نظر نہیں آرہے اور اب تک کھیلے جانے والے میچز میں ان کی کارکردگی نہایت واجبی سی رہی ہے۔ آج کوئٹہ کے خلاف میچ میں وہ ایک بار پھر سے محمد عامر کا شکار بن گئے۔ انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لینے والے کوئٹہ کے فاسٹ بلر محمد عامر نے بابر اعظم کو 12 رنز پر ایل بی ڈبلیو کردیا، بابر نے آؤٹ ہونے سے پہلے ایک چوکا اور چھکا بھی لگایا۔ محمد عامر پشاور کے کپتان کو آؤٹ کرنے کے بعد دوڑتے ہوئے اپنی ٹیم کوئٹہ کے ڈگ آؤٹ کی طرف بھاگے اور پشپا کے اسٹائل میں گلے کے نیچے سے ہاتھ بھی گھمایا۔ اس کے بعد انھوں نے منہ سے اشارہ کرتے ہوئے دھماکے کا بھی اشارہ کیا،

حمزہ علی عباسی نے رجب بٹ تنازع کا حیران کن حل پیش کردیا

اگر کوئی اپنی غلطی تسلیم کرلے اور معذرت پیش کرے تو اسے معاف کردینا چاہئے



کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے خوبرو اداکار حمزہ علی عباسی نے ٹک ٹاکر رجب بٹ تنازع پر ایک حیران کن حل پیش کیا ہے۔ حمزہ علی عباسی نے پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شرکت کرتے ہوئے مذہب، روحانیت اور موجودہ سماجی رویوں پر کھل کر بات کی اور ساتھ ہی رجب بٹ کے متنازعہ کیس پر ایک نہایت اہم تجویز بھی پیش کی۔ حمزہ علی عباسی نے گفتگو کے دوران مذہبی علما اور عام عوام کے درمیان جاری برسوں پرانے تنا پر بات کی، انہوں نے کہا کہ ہمارے معاشرے میں بارہا ایسا ہوا ہے کہ کوئی کچھ کہہ بیٹھتا ہے، یا تو اس کی بات کو غلط سمجھ لیا جاتا ہے یا پھر ناسمجھی میں کوئی بیان دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس کے نتیجے میں ہنگامہ کھڑا ہو جاتا ہے، حال ہی میں یوٹیوبر رجب بٹ کے ساتھ بھی ایسا ہی واقعہ پیش آیا، جس کے بعد وہ ملک چھوڑنے پر مجبور ہوگئے۔

سلمان خان سے بریک اپ، ایشوریا کئی ہٹ فلموں سے محروم

شاہ رخ خان کی فلم چلتے چلتے میں رانی مکھرجی سے پہلے ایشوریا کو کاسٹ کیا گیا تھا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اسٹار سلمان خان اور مس ورلڈ ایشوریا رائے کے تعلقات ہمیشہ خبروں کی زینت بنتے رہے ہیں لیکن ایشوریا رائے کو سلمان سے بریک اپ کی بہت بڑی قیمت چکانا پڑی۔ جب 2003 میں شاہ رخ خان اور رانی مکھرجی کی فلم چلتے چلتے سینما گھروں کی زینت بنی، تو ہر طرف اس جوڑی کے چرچے تھے۔ فلم نے نہ صرف باکس آفس پر کامیابی کے جھنڈے گاڑے بلکہ اس کے نغمے بھی زبان زدِ عام ہوگئے۔ ناظرین نے خاص طور پر رانی مکھرجی کی اداکاری کو بے حد سراہا۔ مگر اس کردار کے لیے رانی مکھرجی پہلا انتخاب نہیں تھیں۔ ابتدا میں یہ رول بالی ووڈ کی حسینہ ایشوریا رائے کو دیا گیا تھا۔ ایشوریا نے تو ایک دن کے لیے فلم کی شوٹنگ بھی مکمل کرلی تھی۔ لیکن پھر قسمت نے ایسا پلٹا کھایا کہ کاسٹ ہی بدل دی گئی۔ حال ہی میں ہدایتکار عزیز مرزا نے ایک انٹرویو میں اس راز سے پردہ اٹھایا۔



انٹرنیشنل باسکٹ بال کیمپ

اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوگیا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ بین الاقوامی باسکٹ بال ٹریننگ اینڈ کوچنگ کیمپ اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوگیا۔ فیڈرل باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری اوج ظہور کے مطابق تربیتی کیمپ میں نوجوانوں کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کیلئے عصر حاضر کی ٹریننگ حاصل کی۔ امریکی ادارے سی ٹی آئی اسپورٹس سے تعلق رکھنے والے معروف کوچز لوک ایلی اور جیکب کم نے بحریہ یونیورسٹی میں مختلف سیشنز کے دوران باسکٹ بال پلیرز کو فٹنس، سکلز، ٹیکنیک، کمبینیشن، اٹیک اور دیگر شعبوں میں بہتری کے حوالے سے آگاہ کیا۔

پی ایس ایل نوجوان کھلاڑیوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوتی ہے' فواد علی

شان ٹیٹ بچپن سے آئیڈیل ہیں، سوچا نہ تھا کہ ایک دن وہ کوچ بھی ہوں گے'' گفتگو



لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی مقبول ترین ٹیم کراچی کنگز کے بلرفواد علی کا کہنا ہے کہ پی ایس ایل نوجوان کھلاڑیوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ کراچی کنگز نے باصلاحیت فاسٹ بلرفواد علی نے لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ایس ایل نوجوان کھلاڑیوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ شان ٹیٹ بچپن سے آئیڈیل ہیں، سوچا نہ تھا کہ ایک دن وہ کوچ بھی ہوں گے۔ میں ان سے بہت کچھ بہت کچھ سیکھنے کی کوشش کررہا ہوں۔ فواد علی کا مزید کہنا تھا کہ ٹورنامنٹ میں سینئر بولرز حسن علی اور میر حمزہ کیساتھ بولنگ کررہا ہوں۔

بھارتی باکسر کو ہرانیوالے عالمی یوتھ چیمپئن عثمان وزیر کا کراچی میں شاندار استقبال



کراچی (این این آئی) تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں 16 ویں پروفیشنل فائٹ میں بھارتی حریف کو بدترین شکست دے کر ناقابل شکست رہنے والے عالمی یوتھ چیمپئن عثمان وزیر کا میابی حاصل کرنے کے بعد واپس وطن پہنچ گئے اور کراچی ایئرپورٹ پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ عالمی یوتھ چیمپئن عثمان وزیر کی آمد پر کراچی ایئرپورٹ پاکستان زندہ باد کے نعرو چینر شاؤن کراچی کے چیئرمین فرحان غنی اور دیگر نے پھولوں کا ہار پہنا کر استقبال کیا۔

آئی پی ایل، سوریا کمار یادیو نے کوہلی کو بھی پیچھے چھوڑ دیا

سوریا کمار یادیو نے ٹی 20 کرکٹ میں ڈی ویلیئرز اور کرس گیل کی فہرست میں جگہ بنائی



نیو دہلی (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کی ٹیم ممبئی انڈینز کی نمائندگی کرنے والے بھارتی بیٹر سوریا کمار یادیو نے وریات کوہلی سمیت بڑے بڑے ناموں کو پیچھے چھوڑتے ہوئے بیٹنگ میں نیا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ ممبئی انڈینز کے بیٹر سوریا کمار یادیو نے آئی پی ایل کی تاریخ میں تیز ترین 4 ہزار رنز بنا کر ریکارڈ قائم کردیا ہے۔ سوریا کمار یادیو نے آئی پی ایل کی تاریخ کے تیز ترین 4 ہزار رنز مکمل کرنے کے لیے دو ہزار 714 گیندوں کا سامنا کیا جبکہ اس سے قبل یہ ریکارڈ کے ایل راہل کے نام تھا جنہوں نے دو ہزار 820 گیندوں پر 4 ہزار رنز بنائے تھے۔ سوریا کمار یادیو ٹی 20 کرکٹ میں مجموعی طور پر تیز ترین 4 ہزار رنز بنانے والے بیٹرز میں دنیا میں تیسرے نمبر پر ہیں، جنوبی افریقہ کے اے بی ڈی ویلیئرز اور ویسٹ انڈیز کے کرس گیل نے دو ہزار 658 گیندوں پر 4 ہزار رنز بنا کر یہ ریکارڈ بنایا

پاکستان کرکٹ ٹیم سے کوئی لگاؤ نہیں ہے' شاہد آفریدی

آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ملاقات چھپ کر نہیں کی اور نہ ہی اس ملاقات میں کسی کی چغلی کی گئی' گفتگو



لاہور (این این آئی) سابق قومی کپتان شاہد خان آفریدی نے کہا ہے کہ انہیں پاکستان کرکٹ ٹیم سے لگاؤ نہیں ہے جب کہ پی سی بی میں بھی تسلسل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے پاکستان کرکٹ ٹیم سے کوئی لگاؤ نہیں ہے۔ اگر مجھے سے کام لینا ہے تو گراس روٹ لیول پر کام لیا جائے۔ محسن نقوی کو کہا کہ آپ کے دونوں عہدے بہت بڑے ہیں اور مشورہ دیا کہ صرف چیئرمین پی سی بی کا عہدہ رکھ لیں۔ سابق کپتان کا کہنا تھا کہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ملاقات چھپ کر نہیں کی اور نہ ہی اس ملاقات میں کسی کی چغلی کی گئی۔

ابراہیم علی خان اور پلک تیواری کو اکثر ایک ساتھ دیکھا گیا

کیریئر کے اس نازک مرحلے پر ہوں جہاں اپنی شناخت بنانا میری اولین ترجیح ہے، پلک تیواری



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی چمکتی دنیا میں جہاں ہر لمحہ کسی نہ کسی نئے جوڑے کی سرگوشیاں سرخیوں کی زینت بنتی ہیں، وہیں سیف علی خان کے صاحبزادے ابراہیم علی خان اور ٹی وی کی مشہور اداکارہ شوبیتا تیواری کی بیٹی پلک تیواری بھی خبروں کی زد میں ہیں۔ ابراہیم علی خان اور پلک تیواری کو اکثر ایک ساتھ دیکھا گیا، چہروں پر مسکراہٹیں اور ساتھ چلتے قدم، جنہیں میڈیا نے فوراً نئی جوڑی کے القابات دے ڈالے۔ تاہم ابراہیم کے اچھی دوست والے محتاط بیان کے بعد، پلک تیواری نے بھی خاموشی توڑ دی ہے۔ ایک حالیہ انٹرویو میں پلک نے اپنی ڈیٹنگ کی افواہوں پر نہایت سنجیدگی سے روشنی ڈالی اور کہا کہ وہ اپنی ذاتی زندگی کو سرخیوں کا موضوع بنانا نہیں چاہتیں۔ پلک نے صاف الفاظ میں کہا، میں اپنے کیریئر کے اس نازک مرحلے پر ہوں جہاں اپنی شناخت بنانا میری اولین ترجیح ہے۔

شاہ رخ خان نے کبھی مقبوضہ کشمیر نہ جانے کی وجہ بتادی

والد نے کہا تھا کشمیر میرے بغیر نہ جانا میں تمہیں خود دکھاؤں گا، والد فوت ہوگئے



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے بادشاہ کہلائے جانے والے سپر اسٹار اداکار شاہ رخ خان نے کبھی مقبوضہ کشمیر نہ جانے کی وجہ بتادی۔ دلوں پر راج کرنے والے شاہ رخ نے اپنی زندگی کے ایک نہایت جذباتی راز سے پردہ اٹھا دیا جس نے مداحوں کے دل چھو لیے۔ شاہ رخ خان کا مشہور ریالٹی شوکون بنے گا کروڑ پتی؟ میں ایتابھ بچن کے سامنے گفتگو کا ایک کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ اس دوران شاہ رخ نے بتایا کہ وہ آج تک کبھی مقبوضہ کشمیر نہیں گئے اور اس کے پیچھے ایک نہایت دل چھو لینے والی کہانی ہے۔ شاہ رخ خان نے انکشاف کیا، میرے والد نے مجھ سے کہا تھا کہ زندگی میں 3 جگہیں ضرور دیکھنا استنبول، روم اور کشمیر، لیکن ساتھ یہ بھی کہا تھا کہ استنبول اور روم تو میرے بغیر دیکھ لینا مگر کشمیر میرے بغیر کبھی نہ جانا، میں تمہیں خود دکھاؤں گا۔

پی ایس ایل کے 2 میچ ری شیڈول ہوگئے، میچز ری شیڈول کا فیصلہ ہیٹ ویو کی وجہ سے کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق یکم مئی کو ملتان میں شیڈول کراچی کنگز اور ملتان سلطانز کا مقابلہ اب لاہور میں ہوگا۔ میچ ری شیڈول ہونے سے فنڈ افی اسٹیڈیم یکم مئی کو ڈبل ہیڈر کی میزبانی کرے گا۔ کراچی کنگز اور ملتان سلطانز کا مقابلہ سہ پہر 3 بجے ہوگا جب کہ لاہور قلندرز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کا مقابلہ رات 8 بجے ہوگا۔ 10 مئی کو کوئٹہ اور ملتان کا مقابلہ بھی ایک دن آگے بڑھا دیا گیا ہے۔ میچز ری شیڈول کا فیصلہ ہیٹ ویو کی وجہ سے کیا گیا ہے۔

لیورپول نے انگلش پریمیئر لیگ ٹائٹل جیت لیا

اپنے 34 ویں میچ میں ٹوٹنہم ہوٹسپر کو آؤٹ کلاس کیا، پہلے ہی ہاف میں تین دوسرے میں ایک گول کردیا

لندن (این این آئی) لیورپول نے ٹوٹنہم ہوٹسپر کو ایک کے مقابلے میں پانچ گول سے ہرا کر انگلش پریمیئر لیگ ٹائٹل جیت لیا۔ لیور پول نے اپنے 34 ویں میچ میں ٹوٹنہم ہوٹسپر کو آؤٹ کلاس کیا، پہلے ہی ہاف میں تین گول کردیے، یہ گول ڈیاز، میک الیسٹر اور گیکپو نے اسکور کیے جبکہ ٹوٹنہم ہوٹسپر کا واحد گول اسی ہاف میں بنا جو ڈی سوئنکی نے اسکور کیا۔ دوسرے ہاف میں لیور پول کا چوتھا گول محمد صلاح نے بنایا جبکہ لیور پول کا پانچواں گول اون گول تھا، ٹوٹنہم ہوٹسپر کے کھلاڑی یوکی نے گیند اپنے ہی جال میں پہنچائی۔ یوں لیورپول نے پانچ ایک سے کامیابی حاصل کر کے پوائنٹس کی تعداد 82 کرلی، جبکہ دوسرے نمبر پر موجود آرسنل کے 67 پوائنٹس ہیں۔ دونوں ٹیموں کے ابھی چار چار میچز باقی ہیں مجموعی طور پر یہ اس کا 20 واں ٹائٹل ہے۔ دوسری جانب مانچسٹر سٹی نے ناٹنگھم فاریسٹ کو دو صفر سے شکست دے کر مسلسل تیسری مرتبہ ایف اے کپ کے فائنل میں پہنچنے کا اعزاز حاصل کرلیا

آئی پی ایل میں امپائرز ایک میچ میں کتنا کماتے ہیں؟ اعداد و شمار سامنے آگئے



نئی دہلی (این این آئی) دنیا کی مقبول ترین کرکٹ لیگز میں شمار ہونے والی انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) اپنے بے تحاشہ سرمائے اور بڑی بڑی کرکٹ شخصیات کی شمولیت کی وجہ سے دنیا بھر میں توجہ کا مرکز بنی رہتی ہے۔ عام طور پر سوشل میڈیا پر کرکٹرز کی تنخواہیں اور معاہدے زیر بحث آتے رہتے ہیں، مگر امپائرز کی میچ فیس کے بارے میں کم ہی بات ہوتی ہے، جس کے باعث بہت سے شائقین کو اس حوالے سے معلومات نہیں ہوتیں۔ حال ہی میں ''انڈیا ٹوڈے'' کی ایک رپورٹ میں آئی پی ایل میں امپائرز کی تنخواہوں سے متعلق تفصیلات سامنے آئی ہیں۔

علیزے شاہ نے سوشل میڈیا چھوڑ کا اعلان کردیا، تمام پوسٹس ڈیلیٹ

کراچی (آئی این پی) اداکارہ و ماڈل علیزے شاہ آج کل ایک بار پھر خبروں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ حالیہ دنوں میں علیزے شاہ کو ان کے لباس، اسٹائل اور موسیقی ویڈیوز میں شرکت پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ اس دباؤ اور نفسیاتی دباؤ کے باعث، انہوں نے ایک بڑا فیصلہ کرلیا ہے انہوں نے سوشل میڈیا چھوڑنے کا اعلان کردیا ہے۔

پرانے رشتوں کو بغیر پچھتاوے کے بند کرچکی ہوں، شروتی ہاسن

ہم سب کی زندگی میں ایک ایسا خطرناک سابق ہوتا ہے جس کی یاد تکلیف دیتی ہے، اداکارہ



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی نڈر اور بے باک اداکارہ شروتی ہاسن اپنی نجی زندگی کے معاشقوں کے باعث بھی خبروں کی زینت بنتی رہتی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے ان سوالوں کا بھی بڑے پروقار انداز میں جواب دیا جن میں لوگ ان سے یہ پوچھتے ہیں: اب یہ کون سے نمبر کا بوائے فرینڈ ہے؟ میں نے کچھ لوگوں کو انجانے میں دکھ پہنچایا ہے، جس کا مجھے افسوس ہے۔ باقی معاملات پر میرے پاس کوئی پچھتاوا نہیں۔ میں مانتی ہوں کہ میں کبھی کبھار ایک مسخرہ بنی، لیکن یہ بھی میرا سفر تھا۔ البتہ جن لوگوں کی میرے دل میں خاص جگہ تھی، انہیں تکلیف دینا میری سب سے بڑی بدقسمتی معافی ہے۔

ہانیہ عامر دلجیت دوسانجھ کی فلم سے آوٹ، پاکستانی مداح خوش



کراچی (آئی این پی) اداکارہ ہانیہ عامر کی بھارتی فلم سردار جی 3 مشکلات کا شکار ہوگئی ہے۔ حال ہی میں بھارتی پنجابی فلم سردار جی 3 میں کام کرنے کے حوالے سے خبروں کی زینت بنیں، جب کہ فلم کی شوٹنگ چند ماہ قبل برطانیہ میں مکمل کی گئی۔ ہانیہ عامر اور ان کے مداح فلم کی ریلیز کے لیے خاصے پرجوش تھے لیکن پچھلے دنوں پیش آنے والے پہلگام واقعے کے بعد فلم کی ریلیز مشکلات کا شکار ہوگئی ہے۔ بھارتی سوشل میڈیا پر فلم کے حوالے سے منفی جذبات سامنے آنے کے بعد یہ قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں

لڑکوں کا رنگ گہرا ہی پسند ہے، آرجے مہوش



ممبئی (آئی این پی) بھارتی آرجے مہوش کی نئی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے جس نے ان کی یوزویندر چہل کے ساتھ تعلقات کی افواہوں کو ہوا دے دی ہے۔ مہوش، جن کا نام حال ہی میں کرکٹر یوزویندر چہل کے ساتھ جوڑا جارہا ہے، نے اپنی ویڈیو میں کہا، گورے لڑکے بھی اچھے لگتے ہیں، لیکن سانولے لڑکوں میں اور ک والی چائے جیسی بات ہے۔

ترپتی، سیم مرچنٹ کی ساحل سمندر پر رومانوی تصاویر وائرل

اداکارہ کو کئی بار اپنے مبینہ بوائے فرینڈ سام مرچنٹ کے ساتھ دیکھا گیا ہے



ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ فلم انڈسٹری میں رنبیر کپور کے ساتھ رومانوی سین میں نظر آنے والی اداکارہ ترپتی دمری ایک بار پھر اپنے ممکنہ بوائے فرینڈ سیم مرچنٹ کیساتھ آنگ کرتے پکڑی گئیں۔ اداکارہ کو کئی بار اپنے مبینہ بوائے فرینڈ سام مرچنٹ کے ساتھ دیکھا گیا ہے، اگرچہ اس جوڑے نے کبھی کھلے عام اپنے تعلقات کے بارے میں بات نہیں کی لیکن مداح اس بات سے بخوبی واقف تھے کہ وہ ایک خوشگوار اور محبت بھرے رشتے میں ہیں۔



مشین میں بنے جگر کی انسان میں پیوند کاری

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

انسان جس جس طرح ترقی کی منازل طے کررہا ہے اس کے نتیجے میں ہر روز نت نئے تجربات دیکھنے کو ملتے ہیں۔ حالیہ دنوں میں کئے گئے تجربے کے دوران دنیا میں پہلی بار مشین کی مدد سے تیار کیے گئے جگر کی انسان میں کامیاب پیوند کاری کردی گئی اور ایک سال بعد بھی مذکورہ شخص میں کسی طرح کی کوئی شکایت سامنے نہیں آئی۔ سوئٹزرلینڈ کے ماہرین نے ایک مریض کے جگر کا وہ ٹکڑا نکالا جو کہ صحت مند تھا اور اسے 'پروفیوژن مشین' میں ڈال دیا، جہاں اس کی نشوونما کی گئی اور پھر اسے اسی مریض میں پیوند کیا گیا، جس سے جگر کا ٹکڑا لیا گیا تھا۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا مختلف ٹرانسپلانٹ ہے، جس کے ذریعے جگر کی نشوونما یا پیوند کاری خالص طور پر ایک مشین میں کی گئی اور پھر اسی جگر کے ٹکڑے کو مریض میں لگا دیا اور پھر ایک سال بعد اس مریض کے ٹیسٹ کیے گئے، جن میں کسی طرح کی کوئی پیچیدگی نوٹ نہیں کی گئی۔ مذکورہ تجربہ زیورچ کے جگر پر تحقیق کرنے والے ادارے 'ویز زیورچ ٹرانسپلانٹنگ سائنس انفو لائف' نے کیا، جس نے ایک ایسی 'پروفیوژن مشین' تیار کی جو کہ انسانی جسم کی طرح کام کرتی ہے۔ مذکورہ مشین میں دل اور پھیپھڑوں سمیت لیلبے اور آنتوں جیسا کام کرنے والے پرزے میں شامل کیے گئے تھے، جنہوں نے جگر کے ٹکڑے کی نشوونما کرنے کے لیے اسے اسی انداز میں خون کی ترسیل کی، جیسے انسانی جسم میں جگر کو خون مہیا ہوتا ہے۔ مشین میں انسانی خون شامل کیا گیا تھا، جس نے تین دن تک جگر کے ٹکڑے کی نشوونما کرنے کے بعد اسے تیار کیا اور بعد ازاں ماہرین نے اس جگر کے ٹکڑے کی اسی انسان میں پیوند کاری کردی، جس سے ڈاکٹرز نے جگر کا ٹکڑا نکالا تھا۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ اس میں جگر کا ٹکڑا بھی اسی مریض سے لیا گیا جو کہ جگر کے مرض میں مبتلا تھا۔ سوئٹزرلینڈ کے سائنسدانوں کے مطابق اگرچہ ابھی تک انہوں نے مشین کے ذریعے جگر کے ٹکڑے کو تین دن تک انسانی جسم کے باہر رکھا، تاہم ان کا مقصد اسی دورانیے کو 5 دن تک لے جانا ہے۔ مذکورہ تجربے کے بعد جس شخص کو مشین میں تیار کیا گیا جگر لگایا گیا تھا، اس کا ایک سال بعد معائنہ کیا گیا مگر اس میں کسی طرح کی کوئی پیچیدگی نوٹ نہیں کی گی۔ س سے قبل آج تک جگر سمیت دیگر اعضا کی پیوند کاری صرف انسانی جسم میں ہی ممکن تھی، اب تک ماہرین پیوند کاری کے لیے کسی بھی صحت مند انسان کے عضو کا ٹکڑا لے کر مریض کے عضو سے جوڑتے آئے ہیں۔ تاہم اب اگر مذکورہ مشین والے تجربے پر مزید کام کرکے اسے عام بنایا گیا تو مستقبل میں کسی بھی عضو کی پیوند کاری مشین میں کرنے کے بعد مذکورہ عضو کو صرف مریض کے جسم میں داخل کردیا جائے گا۔ سوئٹزرلینڈ کے سائنسدانوں نے کہا کہ وہ مذکورہ مشین کے ذریعے جگر کے علاوہ گردوں اور بچے دانی کی پیوند کاری کے تجربے کرنے کا ارادہ بھی رکھتے ہیں، جن پر انہوں نے پہلے ہی تھوڑا سا کام کر رکھا ہے، جس کے حوصلہ افزا نتائج ملے ہیں۔

واضح رہے کہ کچھ ماہ پہلے خنزیر کے دل کا ٹرانسپلانٹ کرانے والا دنیا کے پہلے شخص کی سرجری کے دو ماہ بعد ہی موت واقع ہوگئی تھی۔ اس عمل کی مختصر عرصے کے لیے کامیابی کے بعد امید تھی کہ شاید انسانی اعضا کی کمی کی وجہ سے پیوند کاری میں ہونے والی مشکلات حل ہو جائے گی تاہم مریض کی موت کے باوجود اس آپریشن میں حصہ لینے والی ٹیم مستقبل میں اس حوالے سے کامیابی کے لیے پرامید ہے۔ یونیورسٹی آف میری لینڈ میڈیکل سسٹم نے اپنے بیان میں کہا کہ 57 سالہ ڈیوڈ بینیٹ کا 7 جنوری کو ٹرانسپلانٹ ہوا تھا اور وہ 8 مارچ کو چل بسے۔ بیان میں بتایا گیا کہ مریض کی طبیعت کئی دن پہلے خراب ہونے لگی تھی، جب یہ واضح ہونے لگا کہ وہ صحت یاب نہیں ہوں گے تو ان کی ہمدردانہ دیکھ بھال کی جانے لگی، وہ اپنی زندگی کے آخری چند گھنٹوں کے دوران اپنے خاندان کے ساتھ بات کرنے میں کامیاب رہے۔ ہسپتال نے مزید بتایا کہ سرجری کے بعد ٹرانسپلانٹ کیے گئے دل نے کسی قسم کے تعطل کے بغیر کئی ہفتوں تک بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اپنی سرجری کے بعد ڈیوڈ بینیٹ نے خاندان کے ساتھ وقت گزارا، جسمانی تھراپی میں حصہ لیا، سپر باؤل دیکھا اور اپنے کتے لکی کو دیکھنے کے لیے گھر جانے کی خواہش بھی ظاہر کی۔ اس طریقہ کار کی سربراہی کرنے والے سرجن بارٹلی گریفتھ نے کہا کہ وہ ایک بہادر اور عظیم مریض تھے جو آخر دم تک لڑے، ہم ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔ ڈیوڈ بینیٹ اکتوبر 2021 میں مشرقی امریکی ریاست میری لینڈ کے ہسپتال میں آئے تھے، انہیں ایمرجنسی لائف سپورٹ مشین پر رکھا گیا تھا، انہیں انسانی ٹرانسپلانٹ کے لیے نااہل قرار دیا گیا تھا۔ یونیورسٹی کے امراض قلب پروگرام کے ڈائریکٹر محمد محی الدین نے کہا کہ ہم نے یہ سیکھنے کی انمول بصیرت حاصل کی ہے کہ جینیاتی طور پر تبدیل شدہ سور کا دل انسانی جسم کے اندر اچھی طرح سے کام کرسکتا ہے جبکہ مدافعتی نظام کو مناسب طریقے سے دبایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامید ہیں اور مستقبل کے کلینیکل ٹرائلز میں اپنا کام جاری رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ امریکی میڈیا کی رپورٹنگ میں یہ بھی انکشاف ہوا کہ بینیٹ کو 1988 میں ایک شخص کو متعدد بار چاقو مارنے کا مجرم قرار دیا گیا تھا، جس سے متاثرہ شخص مفلوج ہوگیا تھا۔ ماضی میں بھی اس طرح کی پیوند کاری کی کوششیں کی گئیں جو ناکام رہی تھیں کیونکہ مریضوں کے جسم نے جانوروں کے اعضا کو قبول کرنے سے انکار کردیا تھا۔ ان میں سب سے زیادہ مشہور 1984 کا کیس ہے جس میں بے بی فائی میں بہون کے دل کی پیوند کاری کی گئی تھی اور اس کے 21 دن بعد اس کا انتقال ہوگیا تھا۔ انسانی ذہانت کے عروج کو دیکھتے ہوئے تو ایسا معلوم ہوتا ہے آنے والے کچھ وقت میں کینسر سمیت ہر بیماری کا علاج باآسانی دستیاب ہوگا۔





روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

آل پاکستان ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کی پاک فوج اور فلسطین کے حق میں ریلی

مظلوم فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم انسانیت کیخلاف کھلی جارحیت کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا



عارفوالا (نامہ نگار) آل پاکستان ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) میٹیکو ڈویژن عارفوالا کمپلیکس سے XEN انجینئر خالد پرویز اور ڈویژنل چیئرمین میاں غلام عباس کی قیادت میں افواج پاکستان اور فلسطینی بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی میں تمام سب ڈویژنوں کے لیبر یونین نمائندگان اور ایس ڈی اوز نے بھرپور شرکت کی ریلی کا آغاز SDO حافظ عبدالمالک نے تلاوت کلام پاک سے کیا ریلی میٹیکو کمپلیکس عارفوالا سے تھانہ بازار و دیگر راستوں سے ہوتے ہوئے پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ تک پہنچی ریلی کے شرکاء سے چیئرمین انجینئر خالد پرویز، ڈویژنل چیئرمین و زونل سیکرٹری سرکل ساہیوال رانا غلام عباس، چیئرمین رانا عبدالرحیم، راؤ محمد اقبال، میاں محمد اقبال جوئیہ، چیئرمین حافظ احسن محسن اقبال جوئیہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی بہادر افواج بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی پاکستانی قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ دشمن کے مقابلے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے پاکستان اپنی طاقت ہونے کیساتھ ساتھ جذبہ جہاد اور حب الوطنی سے سرشار دنیا کی سب سے بہادر مسلح افواج کا مقام رکھتا ہے بھارت آبی جارحیت کی ہر سال کرتا ہے پاکستانی قوم اب اس جارحیت کی عادی ہو چکی ہے مگر اب پاکستانی قوم کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے پوری قوم متحد ہو کر اپنی بہادر مسلح افواج کے ساتھ مکار دشمن کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہے اگر بھارت نے جنگ مسلط کی تو ہم اپنی مسلح افواج اور آرمی چیف سپہ سالار سید عاصم منیر کے شانی بشانہ ہیں انہوں نے مزید خطاب میں کہا کہ غزہ میں بے گناہ مسلمانوں پر ظلم وستم کی انتہا کر دی گئی ہے مظلوم فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم انسانیت کیخلاف کھلی جارحیت ہیں جنہیں کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔

بھارت کو منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہر وقت تیار ہیں: مرکزی جمعیت اہل حدیث

ہماری بہادر قوم نے فوج کے ساتھ 65 میں انکے ٹینکوں کے رخ موڑ دیئے تھے



دیپالپور (زاہد عمران خاں تجوحہ) ہماری افواج بھارت کو منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہر وقت تیار ہیں: مرکزی جمعیت اہل حدیث کے کارکنان فوج کے شانہ بہ شانہ ہر وقت وطن کے دفاع کیلئے تیار ہے۔قوم کو انڈین فلموں گانوں ڈراموں کا بائیکاٹ کرنا چاہیے ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے امیر مولانا عبدالرشید حجازی نے ضلع اوکاڑہ کی کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا میڈیا سیل کے انچارج حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی طرف سے جاری تفصیلات کے مطابق کرتے ہوئے شمع کی تقریب حلف برداری مسجد نور ﷺ البابطین جی کی روڈ ریناخورد میں ہوئی اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد حمود لکھوی اور امیر ضلع ڈاکٹر میاں محمد اسلم صدیقی کو نائب امیر پنجاب حافظ محمد عبداللہ ظہیر کو نائب ناظم سوشل میڈیا پنجاب کے نوٹیفکیشن بھی دیئے گئے جبکہ ضلع اوکاڑہ اور اسکی تحصیلوں کی کابینہ کے ارکان سے حلف لیا گیا تقریب سے مرکزی نائب ناظم حافظ محمد بنیامین عابد سرپرست پروفیسر محمد حمود لکھوی امیر میاں محمد اسلم صدیقی ناظم قاری ابوبکر صدیق ناظم مالیات ڈاکٹر اظہر حسن سینئر نائب ناظم میاں محمد صادق گل نے بھی خطاب کیا مولانا عبدالرشید حجازی نے کہا کہ پاکستان کی افواج انڈیا کو منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں ہماری بہادر قوم نے فوج کے ساتھ 65 میں انکے ٹینکوں کے رخ موڑ دیئے تھے انڈیا کی افواج ہماری افواج کے سامنے زیرو ہے حکومت اور عسکری قیادت نے انڈیا کو جواب دیکر پاکستانی قوم کی ترجمانی کی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عوام نے ہمیشہ قیام پاکستان سے لے کر آج تک بھارت کے خلاف ہمیشہ قربانیاں دی ہیں۔

عوام الناس کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی کے لئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی نان سٹاپ کارروائیاں جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عوام الناس کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی کے لئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی نان سٹاپ کارروائیاں جاری ہیں۔ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں متعدد مشروبات فروخت کرنے والے سٹالز شہر کے مختلف مقامات پر واقع فوڈ پوائنٹس، سویٹس اینڈ بیکرز، کریانہ شاپس، میٹ شاپس اور دودھ بردار گاڑیوں کی انسپکشنز کی جاری ہیں اور 84 فوڈ یونٹس کی انسپکشنز کی گئیں۔دوران انسپکشن متعدد فوڈ یونٹس کو اصلاحاتی نوٹسز جاری کئے گئے جبکہ بیکری یونٹ پر صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات اور ورکرز کے میڈیکل عدم موجود پائے گئے۔کریانہ سٹور سے ایکسپائرڈ اشیاء بڑی مقدار میں موجود پائی گئیں۔انہوں نے بتایا کہ 11 فوڈ یونٹس کو 75000 روپے کے جرمانے، 12 کلو مختلف ایکسپائرڈ مصنوعات اور 42 لیٹر غیر معیاری مشروبات کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔

شفاف اور میرٹ پر ڈرائیونگ لائسنس جاری کرنا ترجیح ہے: ڈی پی او

حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور ڈرائیونگ لائسنس انتہائی ضروری ہے



عارفوالا (نمائندہ قوت) صاف شفاف اور میرٹ پر ایمانداری کے ساتھ ڈرائیونگ لائسنس جاری کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مزمل افغان بیگ کے ویژن کے مطابق، ڈی پی او پاکپتن کی ہدایت اور ڈی پی او پاکپتن کی نگرانی میں تحصیل عارفوالا میں کار موٹر سائیکل کے ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء میرٹ پالیسی کے تحت جاری رکھے ہوئے ہیں جبکہ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کے ویژن کے مطابق عوام کی سہولت کے لئے موٹر سائیکل کے ڈرائیونگ لائسنس بغیر ٹرائی جاری کئے جاتے ہیں ان خیالات کا اظہار ایجوکیشن برانچ JTW محمد ارشاد نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آئے ہوئے تمام افراد کو ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور ڈرائیونگ لائسنس انتہائی ضروری ہے ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے لہٰذا ٹریفک قوانین کو اپنا کر اپنی اور دوسروں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنانے کے لئے ٹریفک پولس کا ساتھ دیں انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کا حصول اور ٹریفک قوانین کی پابندی ہر فرد پر از حد ضروری ہے کیونکہ نوجوان ہمارے روشن مستقبل کے ضامن ہیں انکی آبیاری کرنا اور حادثات سے محفوظ رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔

ڈپٹی کمشنر ساہ حیات کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کا اچانک دورہ

ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر ساہ حیات نے منگل کے روز ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کا اچانک معائنہ کیا جس کے دوران انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر کے ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی اور دیگر انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا۔انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو تاکید کی کہ صفائی کے بہترین انتظامات برقرار رکھنے اور ہیلتھ کیئر سسٹم کی احسن کارکردگی کے ذریعے عمدہ سروس ڈیلوری کو یقینی بنایا جائے۔اس موقع ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال سمیت دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر ساہ حیات نے ہسپتال کے دورہ کے موقع پر ایمرجنسی وارڈ، ایچ ڈی یو، زنانہ و مردانہ وارڈز، فارمیسی، بی ٹی سکین اور ڈینٹل یونٹ سمیت مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کر کے ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی اور متعلقہ انتظامی امور کے بارے میں دریافت کیا۔علاوہ ازیں انہوں نے مریضوں کی عیادت کر کے ان سے علاج معالجہ کی سہولیات کے بارے میں بھی دریافت کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ کو تاکید کی کہ کارکردگی کا عمدہ معیار مستقل طور پر برقرار رکھا جائے

گیمبر: درختوں کی غیر قانونی کٹائی کو روکا جائے: وزیر اعلیٰ سے نوٹس کا مطالبہ

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) گیمبر ضلع کونسل کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادر اباد نور شاہ لنک سڑکوں سے بڑے بڑے اور ہرے بھرے درختوں کی کٹائی جاری افسران بے بس وزیر اعلی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور ضلع کونسل ساہیوال کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادر آباد نور شاہ یوسف والا اور اس کے گرد ونواح کی لنک سڑکوں سے بڑے بڑے اور ہرے بھرے درختوں کی کٹائی جاری ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ افسران بے خبر۔ اور نیند خرگوش کے مزے میں خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگے جس کی وجہ سے گیمبر قادر آباد کے شہری ضلع کونسل اور ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر شدید برہم گیمبر قادر آباد کے شہریوں کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادر آباد کی لنک سڑکوں سے بڑے بڑے درختوں کی چوری کٹائی روکنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور چوری درخت کاٹنے مافیا کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز کے علاوہ ضلع بھر کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے شرکت کی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی کی زیر صدارت سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی رواں ماہ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس ڈی سی آفس کے کھٹی روم میں منعقد ہوا۔اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز کے علاوہ ضلع بھر کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے شرکت کی۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے پی سی ایم کی ماہانہ وار کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ضلعی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کاروائیاں بھرپور طریقے سے جاری ہیں۔رواں ماہ کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے 33 ہزار 03 سو مقامات کو چیک کیا گیا، 1340 افراد مہنگی اشیاء فروخت کرنے اور ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے کے مرتکب پائے گئے۔جن کو 30 لاکھ 70 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر رائے ذوالفقار علی نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے پی سی ایم کو ہدایت کی کہ حکومتی ویژن کے مطابق مارکیٹوں اور دکانوں کی انسپکشن کو سو فیصد یقینی بنایا جائے اور گرانفروشوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔

ڈپٹی کمشنر کا دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے سلسلہ میں مختلف امتحانی سنٹرز کا دورہ بھی کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف امتحانی مراکز، مریم نواز ہیلتھ شاسی کے سرانجام دیں۔ امتحانی مراکز میں نقل اور بوٹی مافیا کی کسی صورت اجازت نہیں اور جو طالب



علم اس میں ملوث پایا جائے اسکے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے نواحی گاؤں سندھواں تارڑ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مریم نواز ہیلتھ کلینک میں مریضوں کے لیے دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی، بچوں کی ویکسین اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں سے علاج معالجہ کی وہ سہولیات بارے فیڈ بیک بھی لیا۔

ننکانہ شہر میں اتحاد، یکجہتی اور دینی جوش وجذبے کا بے مثال مظاہرہ دیکھنے میں آیا

جامع مسجد غوثیہ سراجیہ المعروف انڈہ تالاب سے ایک عظیم الشان اور پرامن ریلی کا انعقاد کیا گیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ شہر میں اتحاد، یکجہتی اور دینی جوش و جذبے کا بے مثال مظاہرہ دیکھنے میں آیا جب جامع مسجد غوثیہ سراجیہ المعروف انڈہ تالاب سے ایک عظیم الشان اور پرامن ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ یہ ریلی نماز عصر کے بعد شروع ہوئی اور مولاد چوک گول چکر پر اختتام پذیر ہوئی ریلی کا مقصد فلسطین کے مظلوم مسلمانوں اور پاکستان کی بہادر افواج کے ساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کرنا تھا۔ ریلی کا اہتمام جماعت اہلسنت، مرکزی انجمن تاجران، سنی یوتھ فورس، بزم محمدیہ سیفیہ اور مصطفائی تحریک کے اشتراک سے کیا گیا۔ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام، تاجر برادری، وکلاء، صحافی برادری، نوجوانان ملت اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے غیرت ایمانی کا عملی مظاہرہ کیا۔ ریلی کے شرکاء ہاتھوں میں پاکستان اور فلسطین کے پرچم، اور اظہار یکجہتی کے بلے کارڈز اور بینرز تھامے ہوئے تھے جن پر فلسطین کے مظلوم عوام کے حق میں اور افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے والے نعرے درج تھے۔

اوورسیز پاکستانیوں کا گاؤں کی ترقی کا عزم، گاؤں کو خوبصورت مثال بنانے کا عہد

میاں چنوں کے نواحی گاؤں 110 پندرہ ایل میں مقیم اوورسیز پاکستانیوں نے گاؤں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) اوورسیز پاکستانیوں کا گاؤں کی ترقی کا عزم، گاؤں کو خوبصورت مثال بنانے کا عہد، میاں چنوں کے نواحی گاؤں 110 پندرہ ایل میں مقیم اوورسیز پاکستانیوں نے گاؤں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، گاؤں کے اوورسیز پیپرز مین مصطفے طورنے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ ہمارا گاؤں خوبصورت بن کر پاکستان کے لئے ایک روشن مثال بنے، اوورسیز پاکستانیوں نے باہمی مشاورت اور تعاون سے گاؤں کی بہتری کا بیڑا اٹھایا ہے، پہلے مرحلے میں گاؤں کے قبرستان کی چار دیواری مکمل کروائی جارہی ہے، ساتھ ہی قبرستان کا خوبصورت گیٹ بھی نصب کر دیا گیا ہے، ماحول کو سرسبز بنانے کے لئے قبرستان میں درخت لگانے کا سلسلہ بھی جاری ہے، مصطفےٰ طور کا کہنا تھا کہ ترقیاتی کاموں کا یہ سلسلہ صرف یہاں نہیں رکے گا بلکہ جلد ہی گاؤں میں صفائی ستھرائی کو بہتر بنانے کے لئے مختلف مقامات پر کوڑا دان رکھوائے جائیں گے تاکہ گاؤں کو صاف ستھرا اور صحت مند بنایا جاسکے، انہوں نے کہا کہ تعلیم اور صحت جیسے بنیادی شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی، بچوں کو معیاری تعلیم اور گاؤں کے باسیوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے مربوط حکمت عملی تیار کی جارہی ہے، ان کا مزید کہنا تھا کہ اوورسیز پاکستانی گاؤں کے نوجوانوں کو بھی آگے لانے کیلئے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

معروف عالم دین سابقہ ٹیچر محمد رمضان قمری انتقال کر گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف عالم دین سابقہ ٹیچر محمد رمضان قمری انتقال کر گئے مرحوم کا نماز جنازہ ان کی رہائش گاہ فیصل آباد روڈ شمس ملز چنیوٹ میں ادا کیا گیا نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے شرکت کی مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی وفات پر شہری و سماجی دینی اور سیاسی شخصیات نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔



عازمین حج کی 60 سالہ تربیتی نشست ہونے کی خوشی میں کیک کاٹنے کی تقریب

تربیتی نشست کا سلسلہ رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ گلی شیخ فیروز الدین احمد ہاؤسنگ کالونی روڈ پر 60 سال سے جاری ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) عازمین حج کی ساٹھ سالہ تربیتی نشست ہونے کی خوشی میں رہائش گاہ شیخ عابد فیروز پر کیک کاٹنے کی تقریب تفصیلات کے مطابق عازمین حج کی تربیتی نشست کا سلسلہ رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ گلی شیخ فیروز الدین احمد ہاؤسنگ کالونی روڈ پر ساٹھ سال سے جاری ہے ساٹھ سال مکمل ہونے کی خوشی میں حج ٹریننگ سنٹر پر کیک کاٹنے کی تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کے بعد مقامی نعت خواں قاری ذوالفقار چشتی نے کریم آقا ﷺ کے دربار اقدس میں گل ہائے عقیدت کے پھول نچھاور کیے اس سال تقریباً چار سو کے قریب عازمین حج کو ٹرینر ماسٹر شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ، شیخ عمیر عابد ایڈووکیٹ، حاجی جاوید احمد، شیخ سلمان عابد نے مناسک حج وعمرہ سے آگاہ کیا حج ٹریننگ سنٹر پر ریسکیو 1122 کے عملہ پولیس اور ٹریفک کے جوانوں نے اپنے فرائض منصبی احسن طریقہ سے سرانجام دیے تقریب کے مہمان خصوصی میاں غلام قدیر احمد آف کوٹلہ شریف اور میاں مستفید احمد آف شرقپور شریف تھے جنہوں نے ساٹھ سالہ تربیتی نشست عازمین حج مکمل ہونے کی خوشی میں کیک کاٹا اختتام پر اُمت مسلمہ کی سلامتی اور بانی ٹریننگ سنٹر حج الحاج شیخ فیروز الدین احمد ایڈووکیٹ کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں تین خواتین سمیت 14 افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں تین خواتین سمیت چودہ افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب ایمرجنسی سروس نے 13 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 14 زخمی افراد کو ریسکیو کیا، زخمی مردوں کی تعداد 11 جبکہ خواتین کی تعداد 3 ہے۔ان 14 زخمی افراد میں سے 5 افراد شدید جبکہ 9 افراد معمولی زخمی ہوئے۔

اوکاڑہ کے نواح میں مہندی کی تقریب میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں مہندی کی تقریب میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا پولیس نے فائرنگ کرنے والے سمیت دولہا اور اس کے والد کو گرفتار کر لیا ہے۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 5 ون اے ایل میں مہندی کی تقریب کے دوران ساجد نے فائرنگ شروع کر دی جس کی زد میں آ کر نوجوان معاذ جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے فائرنگ کرنے والے شخص سجد سمیت دولہا اور اس کے والد کو گرفتار کر لیا ہے۔

حافظ آباد میں کالیکی کے قریب حادثہ میں ماں اور بیٹی جاں بحق جبکہ بیٹا زخمی ہو گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں کالیکی کے قریب حادثہ میں ماں اور بیٹی جاں بحق جبکہ بیٹا زخمی ہو گیا۔تفصیلات کے مطابق تیز رفتار موٹر سائیکل سلپ ہو کر سڑک پر گر گیا، جس کے فوراً بعد پیچھے سے آنے والا شہ زور ڈالہ (رجسٹریشن نمبر LES-4086) موٹر سائیکل سواروں پر چڑھ گیا۔حادثے کے نتیجے میں 11 سالہ کشف دختر خالد اور 40 سالہ نسیم زوجہ اشرف موقع پر ہی جاں بحق ہو گئیں، جبکہ موٹر سائیکل ڈرائیور معجزانہ طور پر محفوظ رہا۔جاں بحق افراد کا تعلق گاؤں ** کالیکی منڈی ** سے ہے، اور دونوں کی لاشوں کو فوری طور پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کالیکی منتقل کر دیا گیا ہے۔

پاک فوج کے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں: چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

پاکستان کو مضبوط اور محفوظ بنایا ہمارے شیر دل جوانوں کی وجہ سے بھارت کمزور ہے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پاک فوج کے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کو مضبوط اور محفوظ بنایا ہمارے شیر دل جوانوں کی وجہ سے بھارت کمزور ہے ملک کو جب بھی ضرورت پڑی پوری قوم اس کی حفاظت کیلئے کھڑی ہوگئی زیندر مودی پاگل ہو چکا ہے اس لیے اس کی باتوں کو سیریس نہیں لینا چاہیے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایٹمی قوت اور ایک عظیم ملک ہے بھارت کسی بھول میں نہ رہے ہم دفاع کرنا جانتے ہیں بھارت سفارتی آداب بھول چکا ہے اتنی آبادی رکھنے والے ملک کی حکومت اتنی بیوقوف بھی ہوسکتی ہے زیندر مودی اور بھارتی سیکورٹی ادارے بوکھلاہٹ کا شکار ہیں یہ کبھی بھی پاکستان کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔

3 منشیات فروش گرفتار، منشیات کی بھاری کھیپ برآمد

ملزمان کے قبضہ سے 57 کلو 500 گرام چرس، 6 کلو 250 گرام افیون برآمد

گوجرانولہ (نوید بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سٹی شاہد رشید کی ہدائت پر ڈی ایس پی کوتوالی حافظ امتیاز کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ کوتوالی سب انسپکٹر ادریس سندھو نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف شاندار کاروائی کرتے ہوئے منشیات کی بھاری کھیپ لاہور سے گوجرانوالہ لانے والے تین کس منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے ملزمان کے قبضہ سے 57 کلو 500 گرام چرس، 6 کلو 250 گرام افیون، 1 عدد پسٹل 9MM اور 1 لاکھ 10 ہزار روپے ونک برآمد کر لیے۔گرفتار ملزمان میں اویس، سیف علی اور محسن شامل، 1 عدد GLI ٹیوٹا کار بھی قبضہ پولیس میں۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ وہ لاہور اور دوسرے اضلاع سے



منشیات لاتے اور گوجرانوالہ شہر خصوصاً علاقہ تھانہ کوتوالی میں منشیات فروش کرتے۔ملزم سے مزید تفتیش جاری۔سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں نے مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر سی پی او اوکاڑہ کہنا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ کوتوالی سب انسپکٹر ادریس سندھو اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

انجمن تاجران لاہور روڈ کے انتخابات مکمل محمد جاوید 297 ووٹ لیکر صدر منتخب ہو گئے

مدمقابل حاجی محمد شوکت 204 ووٹ لے سکے پولنگ پر شہر کی معتبر شخصیات نے بھرپور شرکت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجمن تاجران لاہور روڈ کے انتخابات مکمل محمد جاوید 297 ووٹ لیکر صدر منتخب ہو گئے تفصیلات کے مطابق انجمن تاجران لاہور روڈ کے انتخابات میں محمد جاوید 297 ووٹ لیکر صدر منتخب ہو گئے جبکہ ان کے مدمقابل حاجی محمد شوکت 204 ووٹ لے سکے پولنگ پر شہر کی معتبر شخصیات نے بھرپور شرکت کی حاجی شیخ محمد شمہ ساہی والیہ ملک محمد شفیع پیپر پارٹ والے انجم پہلوان محمد صابر محمد انس فخری سابق کونسلر صابر جٹ سابق کونسلر غلام عباس ساقی فرنیچر ایسوسی ایشن کے صدر ملک محمد شہباز ہنڈا موٹر سائیکل مالکان وپیپر پارٹ کے صدر حاجی محمد زاہد کریانہ کے صدر عرفان دھامنہ کا پورا گروپ مہر محمد افتاب پاکستان مسلم لیگ سنز کے پورے گروپ نے قریشی ویلفیئر سوسائٹی کے محمد نواز عاصمی باوا محمد افضل ساقی کا بھائی ممتاز حسین مٹھو پان شاپ۔ساقی لائف پرنٹ اور ساقی پارلر کے مالک علی عباس وئی منور حسین ماسٹر پینٹ والے محمد ارشد ملک حمام والے محمد جاوید بھٹی عارف سیویاں والے حاجی محمد بشیر بھٹی موٹر سائیکل والے صفدر سروس اسٹیشن والے چوہدری محمد بلال غفار اسٹام فروش شہزاد الطاف موٹر سائیکل مکینک اور سرفراز ارائی محمد علی ارائی۔مٹھو جوس والا غنی پنکچر لگانے ٹائر مکینک عبدالجبار فوٹو سٹیٹ محمد صفدر حمام والا نے بھرپور حمایت کی۔

ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت زخمی ہونے والے کانسٹیبل کی عیادت کیلئے پہنچ گئے

محمد مرید سے صحت، علاج ومعالجہ بارے دریافت کیا، مکمل صحتیابی تک بہترین علاج معالجہ کی یقین دہانی کروائی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے کانسٹیبل محمد مرید کی عیادت کے لیے ساہیوال ہسپتال پہنچ گئے۔محمد مرید سے صحت، علاج ومعالجہ بارے دریافت کیا، مکمل صحتیابی تک بہترین علاج معالجہ کی یقین دہانی کروائی۔ فورس کی ویلفیئر اولین ترجیح ہے، مشکل وقت میں اپنی پولیس فورس کو تنہا نہیں چھوڑ سکتے۔شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے اوکاڑہ پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ امن و امان کے قیام اور معزز شہریوں کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔

اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے کانسٹیبل شدید زخمی ہو گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے کانسٹیبل شدید زخمی ہو گیا جبکہ پولیس نے ڈاکوؤں کا ایک ساتھی گرفتار کر لیا ہے۔جبکہ دیگر ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لئے پولیس کی بھاری نفری نے علاقہ کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے جبکہ زخمی کانسٹیبل محمد مرید کو ڈسٹرکٹ ہسپتال ساہیوال منتقل کر دیا ہے۔ پولیس پر فائرنگ کر دی جس سے پولیس کانسٹیبل محمد مرید شدید زخمی ہو گیا جبکہ پولیس نے ڈاکوؤں کا ایک ساتھی گرفتار کر لیا ہے۔جبکہ دیگر ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لئے پولیس کی بھاری نفری نے علاقہ کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے جبکہ زخمی کانسٹیبل محمد مرید کو ڈسٹرکٹ ہسپتال ساہیوال منتقل کر دیا ہے۔

اے سی پسرور سدرہ ستار کا گوشت گرانفروشوں کیخلاف گرینڈ آپریشن

ناجائز منافع خوری قطعی برداشت نہیں، شہریوں کو ریلیف دینا ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار نے شہر میں مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور گرینڈ آپریشن کیا۔عوامی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف بازاروں اور دکانوں

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7) بدھ 30 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

اشتہار گمشدگی کا ملزمات

میری موٹر سائیکل CD-70 نمبر GH41652 جس نمبر D1789100 ہے مورخہ 25-04-2025 کو چوپال روڈ سے گم گر گم ہو گئی ہیں۔ جس کو ملنی ہو میرے موبائل نمبر 0300-7538218 پر رابطہ کرے۔ جس کو ملنی ہو میری موٹر سائیکل ملنی ہو میرے موبائل نمبر 0300-7538218 پر رابطہ کرے۔

نتیجہ 1

کہ برادرم مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کی اور فلسطین سمیت پورے خطہ کے امن کو درپیش چیلنجز اور اقتدار پر پاکستان کے مؤقف اور فیصلوں پر مولانا کو آگاہ کیا اور انہوں نے بھی سکیورٹی صورتحال پر اظہار خیال کیا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے واضح کیا کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی مسلمان دشمن ہے اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہے جس کی واضح مثال گجرات کے فسادات ہیں جس میں ہزاروں مسلمان شہید کر دیئے گئے تھے اور بھارت آج تک انہیں بھلا نہیں سکا اور بھارت کی عدالتیں بھی اس کی گواہی دے چکی ہیں کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی مسلمان دشمن ہے اور اسلام کے خلاف ہے

قیامِ امن کیلئے علماء مشائخ اور عوام پاکستان اپنا کلیدی کردار ادا کریں، مولانا عبدالخبیر آزاد

پاکستانی قوم ملک کے دفاع و استحکام کیلئے اپنی بہادر مسلح افواج اور قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، ہم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں

ریاست، پاکستانی عوام اور اُمت مسلمہ اہل فلسطین اور غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ کھڑی ہے، قومی یکجہتی کانفرنس سے علماء کا خطاب

ساہیوال (خبرنگار) ڈویژنل انتظامیہ ساہیوال کے زیر اہتمام قومی یکجہتی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کانفرنس کی صدارت کی۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، آر پی او ساہیوال ریجن، ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہ محمود، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد علان جاوید، ڈی پی او ساہیوال راؤ ظاہر الزمان، ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت سمیت دیگر ضلعی افسران، علماء مشائخ، عبدالغفار قادری، علامہ حمید نعمانی، مفتی اسحاق ساقی، مولانا محمد احمد، علامہ ارشد عابدی، مولانا ذکاء اللہ عثمان جاوید، ڈی پی او ساہیوال راؤ ظاہر الزمان، ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت سمیت دیگر علماء مشائخ اور عمائدین شہر نے شرکت کی۔ کانفرنس سے مولانا سید ضیاء اللہ شاہ بخاری، قاری عمران عبدالعزیز، صاحبزادہ سید عبدالقادر آزاد، سید محمد عبدالبصیر آزاد، حاجی غلام حسین قریشی، علامہ محمد الرحمٰن، مولانا احسان الٰہی وغیرہ نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان ہمارا گھر ہے اور ہم اس کی حفاظت کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کیلئے ہماری مسلح افواج اور سیکیورٹی ادارے جو قربانیاں دے رہے ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ ہم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ہم ملک کے دشمنوں کو واضح پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے۔ ہم پاکستان کے خلاف کسی بھی سازش کو ناکام بنا دیں گے۔ ہم پاکستان کی سلامتی کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں